MUAWAN-E-WUAKLA

روزنامہ

معاون وکلاء

بانی
علی ہادی کوثر

چیف ایڈیٹر
سیدہ عاقبہ بتول

ایڈیٹر
روحیل اکبر

پاکپتن

جلد نمبر 3 | پیر 20 جولائی 2026ء، 5 صفر 1446ھ/5 ساون 2082ب | شمارہ نمبر 64

ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کے لیے متبادل کوریڈورز استعمال کرنا شروع کردیے، گوادر اور کراچی بندرگاہوں کی اہمیت میں بھی اضافہ ہوا ہے، دی کیسپیئن پوسٹ

پاکستان علاقائی تجارت کا مرکز بننے کی جانب گامزن، نئے تجارتی راستے فعال

اکتوبر 2025 میں سکیورٹی خدشات، طورخم، چمن سرحدی گزرگاہوں کی بندش کے بعد پاکستان نے متبادل تجارتی راستے متعارف کرائے، تجارتی سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھنے میں مدد ملی



امریکی صدر ٹرمپ وائٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) آذربائیجان کے خبر رساں ادارے دی کیسپیئن پوسٹ نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ پاکستان وسطی ایشیائی ریاستوں کو گوادر اور کراچی کی بندرگاہوں سے منسلک کرتے ہوئے علاقائی تجارت اور ٹرانزٹ کا اہم مرکز بننے کی جانب تیزی سے پیش رفت کر رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق ازبکستان نے پاکستان تک رسائی کے لیے افغانستان کے روایتی راستے کے بجائے متبادل تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں پاک۔ایران سرحد پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 11)

ایرانی وزیر داخلہ آج اعلیٰ سطحی وفد کے ہمراہ پاکستان آئیں گے

محسن نقوی کی دعوت پر دو روزہ دورے پر ایرانی وزیر داخلہ اعلیٰ قیادت سے ملاقات کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) ایرانی وزیر داخلہ سکندر مومنی (آج) پیر کو اعلیٰ سطح کے وفد کے ہمراہ پاکستان آئیں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیر داخلہ محسن نقوی کی دعوت پر دو روزہ دورے پر تصویر 1 (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 1)

گڈز ٹرانسپورٹرز کی ملک گیر پہیہ جام ہڑتال کی دھمکی

لاہور (سٹاف رپورٹر) گڈز ٹرانسپورٹرز نے کرایوں میں 15 فیصد اضافے کے علاوہ ملک گیر ہڑتال کی دھمکی دیدی۔ صدر گڈز ٹرانسپورٹ الائنس ملک شہزاد اعوان نے کہا کہ حکومت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 2)

نورین نیازی کا بیان قابل مذمت، یہ پاکستان مخالف پراکسیز ہیں

وفاقی وزراء

معرکہ حق تاریخی کامیابی، بانی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع نہیں جانے دیتے، نورین نیازی کا بیان ملکی سالمیت کے خلاف ہے

بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف ملک کو نقصان پہنچانا، بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ کے باوجود فتح حاصل کی، طارق فضل چوہدری، طلال چوہدری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزراء طارق فضل چوہدری اور طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی ہمشیرہ نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر طارق فضل چوہدری نے کہا کہ معرکہ حق ایک تاریخی کامیابی ہے، نورین نیازی کا بیان قابل مذمت اور افسوسناک ہے، بانی اور ان کی فیملی پاکستان مخالف بیان کا کوئی موقع (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 3)

مسئلہ کشمیر کا پرامن حل ہی خطے میں امن کی ضمانت ہے، مریم نواز

کشمیریوں کے دل ہمیشہ پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں، پاکستانی حکومت اور عوام کشمیریوں کی سفارتی، اخلاقی اور سیاسی حمایت جاری، ہر عالمی فورم پر آواز اٹھاتے رہیں گے

جموں و کشمیر کے عوام دہائیوں بعد بھی اپنے حق خودارادیت کے منتظر، وہ دن ضرور آئے گا جب جموں و کشمیر کے عوام اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کریں گے، وزیراعلیٰ پنجاب کا بیان

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کا پرامن حل ہی خطے میں امن کی ضمانت ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ 19 جولائی 1947 کو غیور کشمیریوں نے ریاست جموں و کشمیر کے پاکستان کے ساتھ الحاق کی قرارداد منظور کی تھی، جو اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ کشمیریوں کے دل ہمیشہ پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ انہوں نے کشمیر یوم الحاق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 4)

عمرہ زائرین میں 5.22 فیصد اضافہ، پاکستان پہلے نمبر پر آ گیا

رواں سیزن 9 لاکھ سے زائد زائرین نے عمرہ ادا کیا، پاکستان سے تقریباً 2 لاکھ افراد سعودیہ پہنچے

مکہ مکرمہ/کراچی (این این آئی) سعودی وزارت حج و عمرہ نے اعلان کیا ہے کہ رواں عمرہ سیزن کے آغاز سے اب تک عمرہ زائرین کی تعداد میں 5.22 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جبکہ مختلف ممالک سے آنے والے معتمرین میں پاکستان پہلے نمبر پر رہا ہے۔ وزارت حج و عمرہ کے مطابق رواں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 5)

متنازع بیان، این سی سی آئی اے نے نورین نیازی کو آج طلب کرلیا

12 بجے اسلام آباد میں طلب کیا گیا، عدم پیشی پر سمجھا جائے گا کہ دفاع میں پیش کرنے کو کچھ نہیں، رپورٹ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نیشنل سائبر کرائم انویسٹیگیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ نورین نیازی کو طلبی کا نوٹس جاری کردیا، این سی سی آئی اے نے نورین نیازی کو (آج) پیر 20 جولائی دن 12 بجے اسلام آباد میں طلب کیا ہے، این سی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 6)

شہدائے زیارت کی میتوں کی آبائی علاقوں میں تدفین کردی گئی

7 جولائی کو مانگی کے علاقے میں دہشت گردوں نے حملہ کر کے 30 پولیس اہلکاروں کو شہید کردیا تھا

زیارت (این این آئی) شہدائے زیارت کی میتوں کی آبائی علاقوں میں تدفین کردی گئی۔ 7 جولائی کو مانگی کے علاقے میں دہشت گردوں نے حملہ کر کے 30 پولیس اہلکاروں کو شہید کردیا تھا جن کی میتیں اپنے اپنے علاقوں میں بھیجی گئی ہیں جہاں ان کی تدفین کی گئی۔ جمعے کی رات بلوچستان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 7)

امریکا کے مسلسل آٹھویں رات ایران پر حملے، آبنائے ہرمز کے قریبی شہروں میں دھماکے

ایران کے دو امریکی فوجی اڈوں پر حملے، اسلحہ ڈپو، ریڈار تباہ

العدیری کیمپ میں ایک اسلحہ ڈپو، جبکہ علی السالم ایئر بیس پر پیٹریاٹ ریڈار اور فضائی نگرانی کے ایک ریڈار کو نشانہ بنایا گیا، ایرانی فوج کا دعوی

صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پینٹا گون کو ایران پر پوری شدت سے بمباری کا حکم دیا، امریکی جنگی طیاروں نے شادگان شہر کے نزدیک ایک مقام کو میزائل حملے میں نشانہ بنایا

تہران: (این ایل آئی) ایرانی فوج نے کہا ہے کہ اس نے آپریشن لائٹنگ کے سولہویں مرحلے میں کویت میں واقع دو امریکی فوجی اڈوں کو ڈرونز کے ذریعے نشانہ بنایا ہے۔ ایرانی فوج کی جانب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 8)

تہران، واشنگٹن: (این ایل آئی) اردن میں دو امریکی فوجیوں کی ہلاکت پر صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے پینٹا گون کو ایران پر پوری شدت سے بمباری کا حکم دیا جس پر سینٹکام نے مسلسل (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 9)

گلگت: چیئرمین این ڈی ایم اے مون سون کے حوالے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں

نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے بلوچستان نیشنل پارٹی کا وفد عبدالمالک بلوچ کی قیادت میں ملاقات کر رہا ہے

اسحاق ڈار سے عبدالمالک بلوچ کی ملاقات، بلوچستان کی معاشی خوشحالی کا عزم

نائب وزیراعظم نے وفد سے ملاقات کے دوران بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنے کے حکومت کے عزم کو دہرایا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے بلوچستان نیشنل پارٹی کے وفد نے ملاقات کی جس میں بلوچستان کی معاشی خوشحالی کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ نائب (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 10)

ایران مفاہمتی یادداشت توڑے یا نہ توڑے، مجھے کوئی پرواہ نہیں، ٹرمپ کا دوٹوک اعلان

جنگ کا بنیادی مقصد ایران کو جوہری ہتھیار حاصل نہ کرنے دینا ہے، واشنگٹن اس معاملے پر موقف سے پیچھے نہیں ہٹے گا، امریکی صدر، کسی بھی جارحیت کا تباہ کن جواب دیا جائے گا، ایرانی اعلیٰ فوجی کمانڈر کی امریکا کو سخت وارننگ

امریکا کے مسلسل آٹھویں رات ایران پر حملے، آبنائے ہرمز کے قریبی شہروں میں دھماکے، ایرانی فوج کے کویت میں دو امریکی فوجی اڈوں پر ڈرون حملے، اسلحہ ڈپو، ریڈار تباہ، ایران نے اہداف پر درستگی سے حملے کیے، روسی میڈیا

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہیں ایران کے عبوری معاہدے سے دستبرداری کی ذرا بھی پرواہ نہیں۔ قطری نشریاتی ادارے کے مطابق امریکی صدر نے امریکی کیبل نیوز نیٹ ورک نیوز نیشن کو ایک مختصر ٹیلی فونک انٹرویو دیا، جب ان سے تہران کے اس اعلان کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ گزشتہ ماہ امریکہ اور ایران کے درمیان دستخط ہونے والی مفاہمتی یادداشت کی پابندی نہیں

آزادی کی شمع کو روشن رکھنے والے تمام کشمیری شہدا اور حریت رہنماؤں کو سلام

محسن نقوی

تاریخی قرارداد کشمیری عوام کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے غیر متزلزل عزم کی مظہر، کشمیریوں کی اجتماعی امنگوں کی سچی عکاس اور جدوجہد آزادی کا اہم سنگ میل ہے

قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے، بھارتی مظالم کے خلاف کشمیریوں کے صبر، استقامت اور بے مثال جرات کو سلام پیش کرتے ہیں، وزیر داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے یوم الحاق پاکستان پر آزادی کی شمع کو روشن رکھنے والے تمام کشمیری شہدا اور حریت رہنماؤں کو سلام پیش کیا ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کشمیریوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ 19 جولائی 1947 کی قرارداد کشمیریوں کی اجتماعی امنگوں کی سچی عکاس اور جدوجہد آزادی کا اہم سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 12)

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق پی پی 153 میں جاری ترقیاتی منصوبوں بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی جی آزاد کشمیر کا تشدد میں ملوث عناصر سے مذاکرات سے صاف انکار

کیا کوئی اپنے بھائی کے قاتلوں کے ساتھ مذاکرات کی میز پر بیٹھنے کا تصور بھی کرسکتا ہے؟، لیاقت علی ملک

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آئی جی آزاد جموں و کشمیر پولیس نے پرتشدد اور ریاست مخالف عناصر سے مذاکرات سے انکار کردیا۔ آئی جی آزاد کشمیر پولیس لیاقت علی ملک نے ریاست مخالف عناصر سے مذاکرات کے مطالبات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا کہ پولیس اہلکاروں کو بے دردی سے شہید اور ان کی لاشوں کی بے حرمتی کرنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی نرمی نہیں برتی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ کیا کوئی اپنے بھائی کے قاتلوں کے ساتھ مذاکرات کی میز پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 13)

وفاقی وزیر عطاء تارڑ کی گاڑی کے قریب ہوائی فائرنگ، ملزم اسلحہ سمیت گرفتار

واقعہ گزشتہ رات پیش آیا، ملزم کی گرفتاری کے لیے سیف سٹی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد لی گئی

لاہور (کرائم سیل) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء تارڑ کی گاڑی کے قریب ہوائی فائرنگ کا واقعہ پیش آیا، لاہور پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم اسامہ کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا۔ واقعہ لاہور کے علاقہ ڈیفنس اے میں گزشتہ رات پیش آیا، لاہور پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم اسامہ کو اسلحہ سمیت گرفتار کرلیا جبکہ اس کے زیر استعمال گاڑی بھی تحویل میں لے لی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی جاری ہے۔ ملزم کی گرفتاری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 14)

لاہور: سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

آزاد کشمیر میں حکومت بنائیں گے، بلاول بھٹو

ن لیگ میں کسی کو لات مار کر نکالنے کی روایت تھی نہ ہے، ایکشن کمیٹی کو فیصل راٹھور نے کالعدم قرار دیا

کوٹلی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ جو ایف آئی آر کٹوا رہے ہیں یہ نہ سوچیں کہ ہم آپ کو بھول گئے، الیکشن ہونے دیں میں خود آپ کو دیکھ لوں گا، عوام نے موقع دیا تو ہر فورم پر کشمیر کی آواز بنیں گے، حق حاکمیت، حق ملکیت، حق روزگا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 11)

سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان این اے 97 کے دورے کے موقع پر حلقے کے لوگوں سے ملاقات کر رہے ہیں

سیاستدان کرسی کے حصول کیلئے ملکی سلامتی کے ساتھ نہ کھیلیں، جے یو آئی (س)

مہنگائی بیروزگاری کے سدباب کی بجائے الزامات کی سیاست کرنیوالے ملک اور قوم کے خیرخواہ نہیں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 27)

اسحاق ڈار کی اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ شنگھائی میں ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 39)

لاہور ہائیکورٹ نے شیخ ہندی مارکیٹ بھاٹی گیٹ کی دکانیں مسمار کرنے سے روک دیا

عدالت نے پیرا فورس اور پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے بھاٹی گیٹ کی شیخ ہندی مارکیٹ کی دکانیں مسمار کرنے سے روک دیا، عدالت نے پیرا فورس اور پنجاب حکومت کو نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کرلیا۔ جسٹس خالد اسحاق نے میاں وقار سعید سمیت دیگر دکانداروں کی درخواستوں پر سماعت کی۔ درخواست گزاروں کی جانب سے میاں عرفان اکرم ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 23)

امارات کا کشیدگی فوری ختم، مذاکرات کی جانب واپس لوٹنے کا مطالبہ

شہری انفراسٹرکچر پر کیا جانے والا کوئی بھی حملہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے، بیان

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ نے بیان میں ہے کہ کشیدگی فوری ختم کر کے مذاکرات کی جانب بڑھا جائے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق متحدہ عرب امارات کی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ شہری انفراسٹرکچر پر کیا جانے والا کوئی بھی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 18)

کے پی میں بھی دہشتگردوں کیخلاف بلوچستان کی نوعیت کے آپریشن کی ضرورت ہے، فیصل کریم

پشاور (سٹاف رپورٹر) گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 30)

فکس ٹیکس سکیم کے بارے میں ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے، امانت بشیر

مشاورت، آگاہی مہم کے ذریعے سکیم کو کامیاب بنایا جاسکتا ہے، سینئر ممبر ٹیکس ایڈوائزرز

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر رہنما چوہدری امانت بشیر نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فکس ٹیکس سکیم کے بارے میں ملک گیر آگاہی مہم شروع کی جائے جس سے تاجروں کے خدشات دور ہوں گے اور سکیم پر اعتماد بڑھے گا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ فکس ٹیکس سکیم ٹیکس نظام کو آسان اور دستاویزی معیشت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر سکتی ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 22)

لاہور: زائرین کی آسان رسائی اور بہتر شہری ماحول کیلئے داتا دربار کے نزدیک جدید انفراسٹرکچر خوبصورت منظر پیش کر رہا ہے

عدالتی حکم پر عمل نہ کرنے پر ایف آئی اے ایس ایچ او معطل

عدالتی احکامات پر غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، جسٹس امجد رفیق کے ریمارکس

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور ہائیکورٹ نے عدالت نے عدالتی حکم پر عملدرآمد نہ کرنے پر ایف آئی اے فیصل آباد کے ایس ایچ او کو معطل کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس امجد رفیق نے قرار دیا کہ عدالتی احکامات پر غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس امجد رفیق (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 21)

حکومت کشمیر کاز کے خلاف ہونیوالی ہر سازش کو ناکام بنائے گی

عطا تارڑ

ہجرت کرنے والے کشمیریوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کی حب الوطنی پر کسی کو شک کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی

بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی کے بعض بیانات بھارتی میڈیا کی زینت بنے، عوام میں شدید غصہ ہے، وزیر اطلاعات کا تقریب سے خطاب

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی کے بعض بیانات بھارتی میڈیا کی زینت بنے، عوام میں شدید غصہ ہے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور جماعت کا ہر کارکن ملکی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی خواتین رہنماؤں نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 16)

پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج نہیں کیا جاسکتا: وزیر دفاع

کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے اور ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی جنہوں نے خون بہایا

سیالکوٹ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے اور ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی جنہوں نے خون بہایا۔ ایل اے 36 جموں 3 میں کارکنوں سے خطاب میں خواجہ آصف نے کہا کہ آزاد کشمیر کے بہت الیکشن دیکھے ہیں، مگر جس پس منظر میں یہ الیکشن ہو رہے ہیں پہلے ایسے نہیں ہوئے، یہ الیکشن کشمیر کاز کے ساتھ محبت اور کشمیریوں کی حفاظت کا الیکشن ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیری مہاجرین کی قدر و قیمت بہت زیادہ ہے، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 17)

پاکستان اور پاکستانی اداروں کے خلاف برطانوی سرزمین کے استعمال سے متعلق خدشات پر برطانوی حکومت متحرک ہوگئی

اسلام آباد/لندن (سٹاف رپورٹر) پاکستان اور پاکستانی اداروں کے خلاف برطانوی سرزمین کے استعمال سے متعلق خدشات پر برطانوی حکومت متحرک ہوگئی۔ برطانوی ہوم آفس کے مطابق برطانیہ میں پرامن احتجاج اور آزادی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 56)

لاہور: آزاد کشمیر میں ہونے والے انتخابات کے سلسلہ میں سینئر لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق، سیف الملوک کھوکھر، مجتبیٰ شجاع الرحمن، خواجہ عمران نذیر اور دیگر مشاورتی اجلاس میں شریک ہیں

داتا گنج بخش عرس کی تیاریاں تیز، ہنگامی اجلاس دورے جاری رکھنے کا فیصلہ

ڈاکٹر احسان بھٹہ کی مختلف کمیٹیوں کو تمام انتظامات بروقت مکمل کرنے کی ہدایت، زائرین کو مثالی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے پر زور

مثالی سہولیات' مہمان نوازی کا اہتمام پنجاب کو مذہبی سیاحت کے ایک ممتاز مرکز کے طور پر اجاگر کرے گا' سیکرٹری چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف

لاہور (سٹاف رپورٹر) سیکرٹری/چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ نے کہا ہے کہ حضرت داتا گنج بخش کے سالانہ عرس مبارک کے آغاز تک ہنگامی اجلاسوں اور دوروں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ تمام دستیاب وسائل اور انتظامی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے عرس کے پروقار، محفوظ اور شایانِ شان انعقاد کو یقینی بنایا جا سکے۔ یہ بات انہوں نے حضرت علی ہجویری المعروف حضرت داتا گنج بخش کے تین روزہ عرس کی تیاریوں کے سلسلے میں مختلف کمیٹیوں کے اجلاسوں کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل مذہبی امور حافظ انیس الرحمن، ایڈمنسٹریٹر داتا دربار محمد علی خان، خطیب داتا دربار مسجد مفتی ندیم مختار، منیجر گوہر مصطفیٰ، ایس ڈی او قیصر منیر، ڈی ایس پی ثاقب بٹ اور مختلف کمیٹیوں کے نمائندگان منصور رضوی، میاں عمیر سعید، منور گجر سمیت دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ سبیل کمیٹی نے عرس کے دوران زائرین کے لیے دودھ اور ٹھنڈے پانی کی بلا تعطل فراہمی کے منصوبے پر بریفنگ دی جبکہ لنگر کمیٹی نے لنگر کی تیاری اور تقسیم کے لیے مختص مقامات اور انتظامات کو حتمی شکل دی۔ سماع کمیٹی نے مزار پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں کے پیشِ نظر قوالی اور دیگر روحانی محافل کے انعقاد کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا۔

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان کے ساتھ مختلف مکاتب فکر کے علماء اور مشائخ کے وفد کا گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

لاہور: صوبائی وزیر چوہدری شافع حسین گیارہویں کلر اینڈ کیم ایکسپو 2026 کے افتتاح کے بعد سٹالز کا معائنہ کر رہے ہیں

پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں میں جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ آگاہی مہم شروع کرنے کا فیصلہ

اگست سے اسکولوں اور کالجوں میں روڈ سیفٹی اور قانونی ڈرائیونگ سے متعلق خصوصی سیشنز ہوں گے، مراسلہ جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے تعلیمی اداروں میں جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ آگاہی مہم شروع کرنے کی ہدایت کر دی۔ اس ضمن میں ایس ایس پی ٹریفک پنجاب سید ندیم عباس نے سی ٹی اوز اور ڈی پی اوز کو مراسلہ جاری کر دیا جس میں ہدایت کی گئی ہے کہ پنجاب بھر کے اسکولوں اور کالجوں میں طلبہ کو جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ سے متعلق آگاہی دی جائے گی۔ اگست میں تعلیمی ادارے کھلنے پر خصوصی روڈ سیفٹی آگاہی مہم چلانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ طلبہ کو جووینائل پرمٹ کے حصول کا طریقہ کار اور قانونی تقاضوں سے آگاہ کیا جائے گا۔ تعلیمی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

حیدرآباد: پختون اتحاد سندھ کی طرف سے پاک فوج کی حمایت پر ریلی نکالی جا رہی ہے

مہنگائی میں مزید اضافہ، ایک ہفتے میں 27 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ گئیں

سب سے زیادہ اضافہ ڈیزل کی قیمت میں 4.41 فیصد، پیٹرول کی قیمت مین 4.40 فیصد ریکارڈ کیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) رواں مالی سال کے دوسرے ہفتے میں مہنگائی میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، 27 اشیائے ضروریہ کی قیمتیں بڑھ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق حالیہ ہفتے میں 27 اشیائے ضروریہ مہنگی، 4 سستی اور 20 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ رپورٹ کے مطابق آلو 85.0 اور چکن 66.14 فیصد مہنگا ہوا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر32)

استنبول سے اسلام آباد کی فلائٹ کو آذربائیجان کی فضائی حدود میں شدید خرابی کا سامنا

ترکش ایئر کی پرواز TK-710 استنبول سے اسلام آباد آ رہی تھی کہ آذربائیجان کی فضائی حدود میں طیارے میں خرابی پیدا ہوگئی، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) استنبول سے اسلام آباد کی شیڈول فلائٹ کو آذربائیجان کی فضائی حدود میں شدید خرابی کا سامنا کرنا پڑا جس کے بعد پائلٹ نے ایمرجنسی ڈیکلیئر کی اور پرواز کو باکو اتار لیا۔ ایوی ایشن ذرائع کے مطابق ترکش ایئر کی پرواز TK-710 استنبول سے اسلام آباد آ رہی تھی کہ آذربائیجان کی فضائی حدود میں طیارے میں خرابی پیدا ہوگئی۔ فلائٹ ریڈار 24 کے مطابق طیارے کو گلوبل نیوی گیشن سیٹلائٹ سسٹم سے سگنلز کی فراہمی معطل ہوئی تھی۔ صورتِ حال کو (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر33)

کراچی: ایم اے جناح روڈ پر بی آر ٹی پروجیکٹ کا تعمیراتی کام جاری ہے

فیصل آباد، 11 کے وی بجلی کی لائن پر مرمت کے دوران کرنٹ لگنے سے واپڈا کا 27 سالہ لائن مین جاں بحق

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) ریسکیو 1122 فیصل آباد کو کرنٹ لگنے کی ایمرجنسی کال موصول ہوئی، جس پر ریسکیو ٹیم موقع پر پہنچ گئی۔ ابتدائی معلومات کے مطابق واپڈا ملازم عبید اللہ ولد محمد لیاقت 11 کے وی لائن پر مرمتی کام کر رہے تھے کہ اچانک لائن میں ریورس کرنٹ آنے سے انہیں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر34)

ماجد ستی قتل، جے یو آئی رہنما فرخ تاجی کھوکھر نے فیصلہ چیلنج کر دیا

فرخ کھوکھر نے فیصلہ معطل کر کے ضمانت کی درخواست بھی دائر کر دی

راولپنڈی (این این آئی) تحریک انصاف کے کارکن ماجد ستی قتل کیس میں سزا پانے والے جمعیت علمائے اسلام کے رہنما فرخ تاجی کھوکھر نے فیصلہ چیلنج کر دیا۔ فرخ کھوکھر نے فیصلہ معطل کر کے ضمانت کی درخواست بھی دائر کر دی۔ ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ نے اپیل اور ضمانت کی دونوں درخواستیں سماعت کے لیے منظور کرتے ہوئے ایک ہفتے میں ریکارڈ طلب کر لیا۔ درخواست میں موقف اپنایا گیا کہ غلط سزا دی گئی، فرخ کھوکھر موقع پر ہی نہیں تھا۔ ہائی کورٹ نے مقدمہ مدعی اور سرکاری پراسیکیوٹر کو بھی نوٹس جاری کر دیے۔ ہائی کورٹ راولپنڈی بینچ کے جج جسٹس صداقت علی خان نے سماعت کی۔

رحیم یار خان، کپڑے نہ لیکر دینے پر بیوی کا شوہر سے جھگڑا، 4 بچوں سمیت نہر میں چھلانگ لگا دی

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) رحیم یار خان میں گزشتہ روز ماں اور 4 بچوں کی نہر میں کود کر خودکشی کرنے کی کوشش کے بعد ریسکیو آپریشن دوبارہ شروع کر دیا گیا۔ گزشتہ روز ماں 4 بچوں سمیت نہر میں کود گئی تھی جس کے بعد 2 بچوں کی لاشیں نکال لی گئی تھیں جبکہ 2 کی تلاش جاری تھی کہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر44)

دنیا بھر میں کشمیری (کل) 19 جولائی کو یوم الحاق پاکستان منایا جائے گا

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) دنیا بھر میں کشمیری (کل) 19 جولائی ہفتے کو یوم الحاق پاکستان منایا جائے گا، یوم الحاق پاکستان کے موقع پر فیصل آباد سمیت دنیا بھر میں تقریبات اور مظاہروں کا اہتمام کیا جائے گا، بھارتی قبضے سے آزادی اور جموں و کشمیر کا پاکستان سے الحاق یقینی بنانے کے لیے جدوجہد تیز کرنے کے عہد کی تجدید بھی کی جائے گی۔ 19 جولائی 1947 کو سری نگر میں آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے پلیٹ فارم سے منظور کی گئی قرارداد کی یاد میں منایا جائے گا۔ اس قرارداد میں کشمیر کا پاکستان کے ساتھ الحاق کا مطالبہ کیا جائے گا۔ بھارت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر45)

لاہور: الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان کے زیر اہتمام روڈ سیفٹی کے حوالے منعقدہ تقریب کے شرکاء سے سی ٹی او سید عبدالرحیم شیرازی خطاب کر رہے ہیں

ہم اپنی زندگیوں کو اسلامی تعلیمات کے تابع بنا کر روزِ محشر سرخرو ہو سکتے ہیں، علماء و مشائخ

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) سرگودھا کے علماء و مشائخ نے حضرت عثمان النورین کی عظمت اور تحفظ ناموس رسالت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اپنی زندگیوں کو اسلامی تعلیمات کے تابع بنا کر روزِ محشر سرخرو ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا متحد ہو کر دفاع اسلام، دفاع وطن اور قیام امن کے لئے ہمیں اپنا کردار ادا کرنا ہو گا۔ ذرائع کے مطابق جمعیت اشاعت اہلسنت والجماعت کے صوبائی نائب امیر پنجاب علامہ عطا اللہ بندیالوی، مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے ایڈیشنل ناظم اعلیٰ علامہ سید سبطین شاہ نقوی، انٹرنیشنل ختم نبوت پنجاب کے صدر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر35)

بلوچستان پولیس کو دہشت گردی کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم لاہور سے گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) بلوچستان پولیس کو دہشت گردی کے مقدمے میں مطلوب اشتہاری ملزم کو لاہور سے گرفتار کر لیا گیا۔ ترجمان ڈولفن کے مطابق ناکہ شیرا کوٹ نے پبلک ٹرانسپورٹ سے ملزم کو مشکوک جانتے ہوئے گرفتار کیا۔ ملزم امجد کریمنل ریکارڈ چیک کرنے پر اے کیٹگری کا اشتہاری نکلا۔ ملزم کے خلاف بلوچستان خضدار تھانہ اورناچ میں دہشت گردی کا مقدمہ درج ہے۔ گرفتار ملزم امجد پرویز کو قانونی کارروائی کے لئے تھانہ شیرا کوٹ کے حوالے کر دیا گیا۔ ایس پی موبائلز بلال ا(باقی صفحہ بقیہ پر نمبر43)

متنازع ٹوئٹس، ایمان مزاری اور ہادی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستیں سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) متنازع ٹوئٹس کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستیں 24 جولائی کو سماعت کے لیے مقرر کر دی گئیں۔ اسلام آباد ہائیکورٹ کے رجسٹرار آفس کی جانب سے جاری کاز لسٹ کے مطابق جسٹس محمد اعظم خان سزا معطلی کی درخواستوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر42)

پاک امریکا تعلقات تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہیں، امریکی رکن کانگریس ریان زِنکے کا مینگو فیسٹول میں خطاب

واشنگٹن (سٹاف رپورٹر) امریکی رکن کانگریس ریان زنکے کا کہنا ہے کہ پاک امریکا دوستی اس وقت تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے۔ تفصیلات کے مطابق سفارت خانہ پاکستان واشنگٹن ڈی سی میں مینگو فیسٹیول کا انعقاد کیا گیا جس میں امریکیوں، پاکستانیوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے بھرپور شرکت کی۔ واشنگٹن ڈی سی اور گرد و نواح کی ریاستوں میں مقیم امریکی و دیگر سفارتی برادری، امریکی انتظامیہ کے اہلکاروں، پالیسی سازوں، تھنک ٹینک، ادبی حلقوں، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر36)

پی پی ایس سی نے پبلک پراسیکیوشن سمیت مختلف محکموں کی آسامیوں کے نتائج جاری کر دیئے

تحریری امتحان میں کامیاب امیدواروں کو اگلے مرحلے کے امتحانات، انٹرویوز کے شیڈول سے متعلق جلد آگاہ کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) پنجاب پبلک سروس کمیشن نے پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ کی 3 اسامیوں کے تحریری اور مختلف محکموں کی 6 اسامیوں کے حتمی نتائج کا اعلان کر دیا۔ ترجمان کے مطابق سیکرٹری پی پی ایس سی افضال احمد نے کامیاب امیدواروں کے نوٹیفکیشن جاری کر دیئے ہیں۔ پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل کی 9 اسامیوں پر 127 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے۔ کامیاب امیدواروں میں فرزانہ شاہین، سمیرا خالد، عاصمہ انعام، محمد سعید، محمد نعیم شامل ہیں۔ پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں ڈپٹی ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر کی 19 اسامیوں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر41)

اسحاق ڈار کی لاؤس کے وزیر خارجہ سے ملاقات، باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد/شنگھائی (سٹاف رپورٹر) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے شنگھائی میں ورلڈ آرٹیفیشل انٹیلی جنس کانفرنس کے موقع پر عوامی جمہوریہ لاؤس کے وزیر خارجہ تھونگساوان فومویہانے سے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جمعہ کو ایکس پر اپنے پیغام میں نائب وزیر اعظم نے کہا کہ شنگھائی میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر37)

گلبرگ میں 17 سالہ لڑکی کی مبینہ خودکشی، تحقیقات شروع

لاہور (سٹاف رپورٹر) گلبرگ کے علاقے میں 17 سالہ لڑکی نے مبینہ خودکشی کر لی۔ بتایا گیا ہے کہ 17 سالہ منال نے مبینہ طور پر گھریلو جھگڑے کے بعد زہریلی گولیاں نگل لیں جسے تشویشناک حالت میں ہسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہو سکی۔ پولیس نے شواہد اکٹھے کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس حکام کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر38)

پی آئی سی سے 11 ماہ کے بچے کے اغواء کی کوشش ناکام، خاتون گرفتار

لاہور (این سٹاف رپورٹر) پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف کارڈیالوجی سے بچے کے اغواء کی کوشش ناکام بنا دی گئی، شادمان پولیس نے خاتون کو حراست میں لے لیا۔ بتایا گیا ہے کہ شبیر نامی شخص بیوی کے ساتھ کارڈیالوجی میں چیک اپ کے لئے آیا تھا۔ ملزمہ طیبہ اپنی چھوٹی بہن جنت کے ہمراہ 11 ماہ کے عمر کی ریکی کرتی رہی۔ ملزمہ نے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

شاہنواز از بھٹو کی 41 برسی (آج) منائی جائے گی

مکوآنہ (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی و سابق وزیراعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کے صاحبزادے اور محترمہ بے نظیر بھٹو کے بھائی شاہنواز از بھٹو کی 41 برسی (آج) 18 جولائی کو منائی جائے گی اس سلسلے میں فیصل آباد سمیت مختلف شہروں میں تقریبات کا اہتمام کیا جائے گا جس میں مرحوم کے لیے قرآن خوانی کا اہتمام کیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر40)

حکومت سندھ کا یونیورسٹی روڈ کی مکسڈ ٹریفک لین جلد کھولنے کا فیصلہ

ریڈ لائن بی آر ٹی کی تکمیل سے کراچی میں جدید پبلک ٹرانسپورٹ نظام کو فروغ ملے گا، شرجیل میمن

کراچی (سٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے کراچی میں یونیورسٹی روڈ کی مکسڈ ٹریفک لین کو جلد کھولنے کا فیصلہ کر لیا۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبے سے متعلق اہم اجلاس ہوا جس میں منصوبے پر جاری تعمیراتی کام اور مجموعی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں سیکرٹری ٹرانسپورٹ اسد ضامن، چیف ایگزیکٹو آفیسر ٹرانس کراچی زبیر چنہ، منصوبے کے کنسلٹنٹس اور متعلقہ اداروں کے دیگر اعلیٰ حکام شریک تھے۔ اجلاس میں منصوبے کے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 47)

لاہور، صوبائی وزیر خواجہ سلمان رفیق فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے 44ویں سینڈیکیٹ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پیاف نے لاہور چیمبر کے ایسوسی ایٹ کلاس کی انتخابی مہم کا باضابطہ آغاز کر دیا

فرخ احسان خان، شیخ افتخار کی جانب سے لاہور جمخانہ میں مختلف مارکیٹوں کے تاجروں کے اعزاز میں عشائیہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پیاف کے ایسوسی ایٹ کلاس چیئرمین فرخ احسان خان اور برانڈرتھ روڈ کے معروف تاجر شیخ افتخار کی جانب سے لاہور جمخانہ کلب میں مختلف مارکیٹوں کے تاجروں کے اعزاز میں عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں برانڈرتھ روڈ، لنڈا بازار، رحمان گلیاں، سرکلر روڈ، بیڈن روڈ، ملنگری روڈ، میکلوڈ روڈ، مصری شاہ، بادامی باغ، شہید گنج لوہا مارکیٹ، شاہ عالم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر48)

ڈراموں کے سکرپٹس اے آئی سے تیار کئے جا رہے ہیں' مہربانو کا انکشاف

اسی رویے سے دلبرداشتہ ہو کر میں نے کام کرنا کم کر دیا ہے' اداکارہ کی گفتگو

لاہور (این این آئی) معروف اداکارہ، ڈیجیٹل کری ایٹر اور ڈانسر مہربانو نے انکشاف کیا ہے کہ اس وقت متعدد ٹی وی ڈراموں کے سکرپٹس مصنوعی ذہانت کی مدد سے تیار کئے جا رہے ہیں جس سے پیشہ ور مصنفین کی محنت اور صلاحیتوں کی بے توقیری ہو رہی ہے۔ حالیہ گفتگو میں مہربانو نے کہا کہ لوگوں کو اندازہ ہی نہیں کہ اس وقت ٹی وی پر نشر ہونے والے کتنے ہی ڈراموں کے سکرپٹس مصنوعی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر29)

کراچی: خواتین سہانے موسم میں بگھی میں سفر کر رہی ہیں

کشمیر پاکستان کی شہ رگ، کوئی طاقت الگ نہیں کر سکتی — مریم اورنگزیب

کشمیر اور پاکستان لازم و ملزوم ہیں، کشمیر کے فیصلے کشمیر میں ہی ہوں گے' نواز شریف و شہباز شریف نے ہمیشہ کشمیر کا مقدمہ بہادری سے لڑا

پاکستان بھر کے ترقیاتی منصوبے سابق وزیراعظم نواز شریف کی عوامی خدمت کا ثبوت ہیں' سینئر صوبائی وزیر کا گوجرخان میں جلسے سے خطاب

گوجرخان (مانیٹرنگ ڈیسک) سینئر صوبائی وزیر پنجاب مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، کوئی طاقت اسے پاکستان سے الگ نہیں کر سکتی۔ پنجاب کے شہر گوجرخان میں جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مریم اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان بھر کے ترقیاتی منصوبے سابق وزیراعظم نواز شریف کی عوامی خدمت کا ثبوت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے نواز شریف کو تین مرتبہ وزیراعظم منتخب کیا اور ملک کے ہر خطے میں ان کے ترقیاتی منصوبوں کے نقوش موجود ہیں۔ سینئر صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے اور کوئی طاقت اسے پاکستان سے الگ نہیں کر سکتی، اس وقت کشمیر میں 100 ارب روپے مالیت کے ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے۔ مریم اورنگزیب نے کہا کہ کشمیر اور پاکستان لازم و ملزوم ہیں، کشمیر کے فیصلے کشمیر میں ہی ہوں گے اور نواز شریف و شہباز شریف نے ہمیشہ کشمیر کا مقدمہ بہادری سے لڑا، مسلم لیگ (ن) خدمت کی سیاست پر یقین رکھتی ہے۔

لاہور: سیکرٹری چیف ایڈمنسٹریٹر اوقاف پنجاب ڈاکٹر احسان بھٹہ حضرت داتا گنج بخش کے سالانہ عرس مبارک کے انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے انتظامی و مذہبی کمیٹیوں کے ہنگامی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نارووال: ریسکیو اہلکار ترین سے نہر میں چھلانگ لگانے والی خاتون کی لاش نکال کر لا رہے ہیں۔

نارووال کو علم کی بستی میں تبدیل کر دیا ہے، احسن اقبال

ملک کے مختلف حصوں سے طلبہ تعلیم حاصل کرنے آ رہے ہیں' کامیابی حاصل کرنے کے لیے نوجوانوں کو محنت کو اپنا شعار بنانا ہو گا

میڈیکل کالجوں میں داخلوں کیلئے میرٹ کو یقینی بنایا جا رہا تاکہ شفافیت برقرار رہے' نارووال میڈیکل کالج میں تقریب سے خطاب

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال نے کہا ہے کہ نارووال کو علم کی بستی میں تبدیل کر دیا ہے۔ نارووال میڈیکل کالج میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ نارووال کو علم کی بستی میں تبدیل کر دیا گیا جہاں ملک کے مختلف حصوں سے طلبہ تعلیم حاصل کرنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کامیابی حاصل کرنے کے لیے نوجوانوں کو محنت کو اپنا شعار بنانا ہو گا، میڈیکل کالجوں میں داخلوں کے لیے میرٹ کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ شفافیت برقرار رہے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ حکومت "اڑان پاکستان" پروگرام کے تحت نوجوانوں کو تعلیم، روزگار اور ترقی کے بہتر مواقع فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے اس بات پر بھی زور دیا کہ بچوں میں غذائیت کی کمی کا خاتمہ وقت کی اہم ضرورت ہے اور اس مسئلے سے نمٹنے کے لیے موثر اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

لاہور: امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ ذمہ داران کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

یوم شہدائے کشمیر ہمیں ان 22 عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے، راجہ سکندر خان

جنہوں نے 1931 میں حق، آزادی اور وقار کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) چیئرمین گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل راجہ سکندر خان نے کہا ہے کہ یوم شہدائے کشمیر ہمیں ان 22 عظیم شہدا کی لازوال قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے 1931 میں حق، آزادی اور وقار کی خاطر اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کی عظیم قربانیاں کشمیری عوام کے حوصلے، استقامت اور حقِ خودارادیت کی جدوجہد کا روشن استعارہ ہیں۔ ان خیالات کا اظہار چیئرمین گلوبل پاک کشمیر سپریم کونسل راجہ سکندر خان نے یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی غیر قانونی طور پر مقبوضہ جموں و کشمیر میں جاری ظلم، جبر، انسانی حقوق کی پامالیاں اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر60)

ایف بی آر کے کسٹمز رولز میں مزید ترامیم کا نوٹیفکیشن جاری، کارگو اسکیننگ لازمی قرار

کنٹینرائزڈ کارگو کے لیے مدت 30 اور بلک یا ایل سی ایل کارگو کے لیے 60 دن مقرر کر دی گئی

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے کسٹمز رولز 2001 میں مزید ترامیم کرتے ہوئے رسک مینجمنٹ سسٹم کے تحت منتخب کارگو کی اسکیننگ کو لازمی قرار دیا ہے جبکہ آئی ٹی کارگو کی بندرگاہ سے بندرگاہ منتقلی صرف لائسنس یافتہ بانڈڈ کیریئرز کے ذریعے ہو سکے گی۔ ایف بی آر کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے تحت کسٹمز رولز 2001 میں کی جانے والی مزید ترامیم میں بتایا گیا ہے کہ کنٹینرائزڈ کارگو کے لیے مدت 30 اور بلک یا ایل سی ایل کارگو کے لیے 60 دن مقرر کر دی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ غیر معمولی حالات میں چیف کلیکٹر کسٹمز مدت میں مزید توسیع کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر59)

لاہور: ریلوے اسٹیشن کے سامنے سڑک پر درخت کی گری ہوئی شاخ آمد و رفت میں رکاوٹ بن رہی ہے۔

پولیس کی کارروائی، ہزار پتنگیں اور کیمیکل ڈور برآمد، ملزم گرفتار

لاہور (سٹاف رپورٹر) شاہدرہ ٹاؤن پولیس نے پتنگیں تیار کروا کر فروخت کرنے والے مبینہ ملزم اعجاز کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق کارروائی خفیہ اطلاع پر کی گئی، جس کے دوران ملزم کو رنگے ہاتھوں گرفتار کیا گیا۔ ایس پی سٹی عاطف امیر نے بتایا کہ ملزم پتنگوں کی ترسیل کے لیے مقامی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر58)

پاکستان کی مذہبی اقلیتی برادریوں کے وفد کا وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کا دورہ

بنیادی حقوق کے تحفظ اور نفاذ کے لیے اپنی آئینی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی، چیف جسٹس

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان نے بین الاقوامی یوم انصاف کے موقع پر پاکستان کی مذہبی اقلیتی برادریوں کے ایک ممتاز وفد کا خیر مقدم کیا۔ اس موقع پر عدالت نے آئینِ پاکستان میں درج مساوات، شمولیت، انصاف اور تمام شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ سے اپنے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کیا۔ مسٹر سیموئیل پیارا کی سربراہی میں 13 رکنی وفد میں مسیحی، سکھ، ہندو، سنتن دھرم، بہائی اور کیلاش برادریوں کے نمائندگان شامل تھے۔ یہ دورہ امپلیمنٹیشن مائناریٹی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر57)

الحمراء میں شام موسیقی میں نامور گلوکاروں شازیہ ریشماں اور خلیل احمد آفریدی کی شاندار پرفارمنس

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمراء محمد نواز گوندل نے الحمراء میں منعقدہ "شام موسیقی" کے حوالے سے کہا کہ صوفی اور فوک موسیقی پنجاب کی تہذیب، ثقافت اور روحانی روایت کا لازمی حصہ ہے، یہ موسیقی محبت، امن، رواداری اور انسان دوستی کا پیغام عام کرتی ہے اور ہماری ثقافتی شناخت کو مضبوط بناتی ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر64)

مولانا فضل الرحمان کے نامکمل جملے پر طوفان بدتمیزی برپا کیا گیا، جرات ہے تو پوری تقریر سنیں، جے یو آئی

پشاور (سٹاف رپورٹر) جے یو آئی خیبر پختونخواہ کے امیر مولانا عطاء الرحمان نے کہا ہے کہ سربراہ جمعیت علمائے اسلام مولانا فضل الرحمان کے نامکمل جملے پر طوفان بدتمیزی برپا کر دیا گیا، جرات ہے تو پوری تقریر سنیں۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ قصور میں جے یو آئی کی کامیاب کانفرنس لوگوں کو ہضم نہیں ہوئی، 13 جولائی کو مولانا فضل الرحمان کے نا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر65)

ملکی تاریخ میں پہلی بار 2 ہزار سے زائد الیکٹرک گاڑیاں کراچی پورٹ پہنچ گئیں

کراچی (سٹاف رپورٹر) پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار رورو شپمنٹ کے ذریعے 2 ہزار سے زائد الیکٹرک گاڑیاں کراچی پورٹ پہنچ گئیں۔ پاکستان کی بحری اور تجارتی تاریخ میں ایک اہم پیش رفت سامنے آئی ہے جہاں پہلی مرتبہ رورو شپمنٹ کے ذریعے 2 ہزار سے زائد الیکٹرک گاڑیاں کراچی پورٹ پہنچ گئی ہیں۔ ترجمان وزارت بحری امور کے مطابق ایم وی گرینڈ شنگھائی کامیابی کے ساتھ کراچی پورٹ کے ٹرمینل پر لنگر انداز ہو گیا ہے، اس جہاز کے ذریعے الیکٹرک گاڑیوں کی یہ بڑی کھیپ ملک میں درآمد کی گئی۔ وفاقی وزیر بحری امور جنید انوار چوہدری نے اپنے بیان میں کہا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر66)

راولپنڈی، مسلح ڈاکوؤں نے تاجر سے گن پوائنٹ پر 90 لاکھ روپے لوٹ لیے

پولیس نے قریبی سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کا جائزہ لینا شروع کر دیا ہے، رپورٹ

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) تھانہ پیرودھائی کے علاقے خیابان سرسید میں مسلح ڈاکوؤں نے ایک تاجر سے 90 لاکھ روپے لوٹ لیے۔ پولیس کے مطابق عدنان نامی تاجر رقم لے کر گھر جا رہا تھا کہ راستے میں موٹر سائیکل سوار مسلح ڈاکوؤں نے اسے روک لیا۔ ملزمان نے اسلحے کے زور پر تاجر سے 90 لاکھ روپے چھینے اور موقع سے فرار ہو گئے۔ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی تھانہ پیرودھائی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور شواہد اکٹھے کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا، پولیس نے ملزمان کی شناخت اور گرفتاری کے لیے علاقے میں نصب قریبی سی سی ٹی وی کیمروں کی فوٹیج کا جائزہ لینا بھی شروع کر دیا ہے۔

مراکش کے ویزے کی آڑ میں غیر قانونی طور پر اسپین جانے کا خواہشمند مسافر آف لوڈ

مسافر نے ویزا اور سفری انتظامات کے عوض ایجنٹ کو 18 لاکھ روپے ادا کیے، رپورٹ

کراچی (سٹاف رپورٹر) مراکش کے ویزے کی آڑ میں غیر قانونی طور پر اسپین جانے کے خواہشمند مسافر کو آف لوڈ کر دیا گیا۔ مسافر فرحان کے مطابق مراکش کا بزنس ویزا فواد و مقبول نامی ایجنٹ نے فراہم کیا تھا، مسافر نے ویزا اور سفری انتظامات کے عوض ایجنٹ کو 18 لاکھ روپے ادا کیے۔ جانچ کے دوران مراکش کا بزنس ویزا، مسترد شدہ بیلاروس ویزا درخواست، فرحان ٹریڈرز کے لیٹر ہیڈز اور وزٹنگ کارڈز برآمد ہوئے۔ مسافر مراکش سے کشتی کے ذریعے غیر قانونی طور پر اسپین اور بعد ازاں یورپ جانے کا ارادہ رکھتا تھا۔ تحقیقات کے دوران غیر قانونی مائیگریشن نیٹ ورک سے وابستہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر62)

گرومنگ گینگ کے سرغنہ شبیر احمد کی ملک بدری، برطانیہ اور پاکستان میں سفارتی تنازع کھڑا ہو گیا

شبیر احمد کو واپس نہ لیا گیا تو پاکستان پر ویزا پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں، برطانوی وزیر یووٹ کوپر

لندن (سٹاف رپورٹر) گرومنگ گینگ کے سرغنہ شبیر احمد کی ملک بدری کے معاملے پر برطانیہ اور پاکستان کے درمیان سفارتی تنازع کھڑا ہو گیا۔ پارلیمنٹ کی خارجہ کمیٹی میں گفتگو کرتے ہوئے برطانوی وزیر یووٹ کوپر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ یہ معاملہ متعدد بار اٹھا چکے اور آئندہ بھی اٹھاتے رہیں گے، ایسے مزید کیسز بھی ہیں۔ یووٹ کوپر نے اشارہ دیا کہ شبیر احمد کو واپس نہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر63)

تربیلا اسپل وے فلڈ سیزن 2026 میں پہلی بار کھول دیا گیا

احسن ادریس باجوہ نے امریکہ، ایران کشیدگی پر تشویش کا اظہار، فوری جنگ بندی اور مذاکرات کا مطالبہ

امریکہ، ایران تنازع عالمی امن، معیشت اور پاکستان کے لیے خطرہ، عالمی ادارے مؤثر کردار ادا کریں: احسن ادریس باجوہ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) احسن ادریس باجوہ ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان کشیدگی کا خاتمہ اور جنگ بندی یقیناً عالمی امن اور استحکام کے لیے انتہائی ناگزیر ہے۔ مشرق وسطیٰ میں امن عالمی معیشت، تیل کی سپلائی لائنز اور علاقائی سلامتی کے لیے براہ راست اثر انداز ہوتا ہے۔ اگرچہ دونوں ممالک کے درمیان وقتے وقتے سے کشیدگی بڑھتی ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان جاری فوجی کارروائیاں، میزائل حملے اور آبنائے ہرمز کے گرد بڑھتی ہوئی کشیدگی عالمی امن کے لیے ایک سنگین خطرہ بن چکی ہیں۔ اس صورتحال سے تیل کی عالمی ترسیل متاثر ہونے، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر51)

کینیڈا کی پاکستان سمیت دنیا بھر سے ڈاکٹروں کیلئے مستقل شہریت و پرکشش مراعات کی پیشکش

صحت کا نظام مزید مضبوط بنانے کے لیے پاکستان اور دیگر ممالک کے ڈاکٹروں کو اہل خانہ کو ساتھ رکھنے کی پیش کش کی گئی ہے

اسلام آباد/ٹورنٹو (سٹاف رپورٹر) کینیڈا نے ملک میں ڈاکٹروں کی کمی پوری کرنے اور صحت کے نظام کو مضبوط کرنے کے لیے پاکستان سمیت دنیا بھر کے ڈاکٹروں کے لیے امیگریشن قوانین میں نرمی کرتے ہوئے مستقل رہائش اور دیگر پرکشش مراعات دینے کی پیش کش کی ہے۔ کینیڈا کے محکمہ امیگریشن، مہاجرین اور شہریت کی جانب سے ساجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری بیان میں کہا گیا کہ ہم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر52)

قومی سلامتی سرحدوں تک محدود نہیں رہی سائبر سیکیورٹی نیا چیلنج بن گئی، جنرل (ر) راحیل شریف

ہمارے دور میں دہشت گردی جیسے مسائل کا سامنا رہا تاہم پوری قوم کے عزم کی بدولت کامیابیاں ممکن ہوئیں، سابق آرمی چیف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) سابق آرمی چیف جنرل راحیل شریف نے کہا ہے کہ قومی سلامتی اب صرف سرحدوں تک محدود نہیں رہی جبکہ سائبر سیکیورٹی ایک چیلنج بن گئی ہے۔ اکرام سہگل کی کتاب ٹیکٹیکل سیکیورٹی اسٹریٹجی کی تقریب رونمائی سے خطاب کرتے ہوئے سابق آرمی چیف جنرل راحیل شریف نے کہا کہ اکرام سہگل صاحب کا شکر گزار ہوں جنہوں نے اپنی کتاب میرے خاندان کے نام کی اور کتاب کی رونمائی کی تقریب میں شرکت کرنا باعث اعزاز ہے۔ جنرل راحیل شریف نے کہا کہ اپنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر53)

لاہور: ریلوے اسٹیشن پر ایک شخص گیس سلنڈر لے کر ٹرین میں سوار ہونے کے لئے جا رہا ہے۔

گوجرانوالہ، 6 ماہ میں 164 انسانی اسمگلرز کو سزائیں، 88 کروڑ کی ریکوری ہوئی، ایف آئی اے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے گوجرانوالہ زون میں انسانی اسمگلرز کو رواں سال کے پہلے 6 ماہ میں 164 انسانی اسمگلرز کو عدالتوں سے سزا دلوائی گئی۔ ڈائریکٹر ایف آئی اے کے مطابق عدالت سے ملنے والی سزاؤں میں 22،22 سال قید کی سزائیں بھی شامل ہیں، سزاؤں کے باعث اسلم میو، سرور سندھو، ندیم میو، رف اسمگلر جیسے گروہ انجام کو پہنچے۔ ایف آئی اے کے مطابق خطرناک انسانی اسمگلر سجاد کو 19 سال (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر54)

شیخوپورہ، جائیداد کے تنازع پر باپ نے فائرنگ کر کے بیٹے کو قتل، بہو کو زخمی کر دیا

شیخوپورہ (سٹاف رپورٹر) شیخوپورہ کے علاقے کوٹ عبد المالک میں جائیداد کے تنازع پر باپ نے فائرنگ کر کے بیٹے کو قتل اور بہو کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق واردات کے بعد ملزم نے خودکشی کی کوشش میں خود کو بھی گولی مار لی۔ جائیداد کے تنازع پر قیصر نامی زمیندار نے گھر میں فائرنگ کر کے اپنے بیٹے شہروز کو قتل اور اس کی بیوی کو زخمی کر دیا۔ اطلاع ملنے پر ریسکیو اہلکاروں نے مقتول (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر55)

مریدکے، جائیداد تنازعے پر بیٹے کا مبینہ طور پر سسرالیوں کے ساتھ گھر پر حملہ، ماں اور بہن زخمی

کالا شاہ کاکو (سٹاف رپورٹر) مریدکے کے نواحی گاؤں بوڑھے اوٹھ میں جائیداد کے تنازعے پر ایک افسوسناک واقعہ پیش آیا، جہاں مبینہ طور پر ارسلان اپنے سسرالیوں کے ہمراہ گھر میں داخل ہو گیا اور اپنی والدہ اور بہن پر بہیمانہ تشدد کیا۔ متاثرہ خاندان کے مطابق 9 سے 10 افراد کلہاڑیوں، ڈنڈوں اور سوٹوں سے مسلح ہو کر گھر میں داخل ہوئے اور حملہ کر دیا۔ اس دوران ارسلان کی والدہ مسرت اور بہن شدید زخمی ہو گئیں۔ زخمیوں کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ حملے کے دوران 15 پر کال کی گئی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

بقیہ جات 1

ایرانی وزیرداخلہ پاکستان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقات کریں گے۔ ذرائع کے مطابق ایرانی وزیر داخلہ کے ہمراہ ایران کی مختلف وزارتوں کے اعلیٰ عہدیدار بھی ہوں گے۔

بقیہ جات 2

ٹرانسپورٹرز کو ریلیف دینے میں ناکام ہے، بڑھتے ہوئے اخراجات کے باعث گاڑیاں چلانا مشکل ہو گیا، مطالبات تسلیم نہ ہوئے تو ملک گیر ہڑتال کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی پالیسیوں سے ٹرانسپورٹ سیکٹر شدید متاثر ہے، سپلائی چین کو بچانے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں، دسمبر میں کیے گئے حکومتی وعدوں پر تاحال عملدرآمد نہیں ہوا۔ انہوں نے حکومت کو الٹی میٹم دیتے ہوئے کہا ہے کہ ٹیکسز واپس نہ لیے تو پہیہ جام کریں گے، ٹول ٹیکس اور ود ہولڈنگ ٹیکس فوری واپس لیے جائیں۔

بقیہ جات 3

ہاتھ سے کہیں جانے دیتے۔ وفاقی وزیر طارق فضل چودھری نے کہا کہ نورین نیازی کے بیان پر افسوس ہوا، یہ پاکستان کی سالمیت، عزت اور وقار کے خلاف ہے، امریکی صدر نے کئی بار پاکستان کی فتح کا ذکر کیا۔ وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چودھری نے کہا کہ نورین نیازی کا بیان انتہائی افسوسناک ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کے خاندان کا ہدف پاکستان کو نقصان پہنچانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت اسرائیل گٹھ جوڑ کے باوجود پاکستان نے فتح حاصل کی، نورین نیازی کے بیان سے ثابت ہوا یہ پاکستان مخالف پراکسیز ہیں۔ وزیر مملکت طلال چودھری نے کہا کہ پی ٹی آئی نے پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کیلئے جتن کیے، یہ لابی پاکستان کی معیشت پر بھی حملہ آور ہوئی، پاکستان کو ڈیفالٹ کرنے کے لیے آئی ایم ایف کو خط لکھے گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو عدم استحکام کا شکار کرنے والوں کے خلاف ایکشن ہوگا، نورین نیازی کے بیان پر قانونی کارروائی شروع کردی گئی ہے۔

بقیہ جات 4

پاکستان کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ مسئلہ کشمیر کا اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق پُرامن حل ہی کشمیری عوام کے حقوق کے تحفظ اور خطے میں پائیدار امن کی ضمانت ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ پاکستانی حکومت اور عوام کشمیریوں کی سفارتی، اخلاقی اور سیاسی حمایت جاری رکھیں گے، جبکہ پاکستان بھارتی زیر انتظام جموں وکشمیر کے عوام کے حق خودارادیت کے لیے ہر عالمی فورم پر آواز اٹھاتا رہے گا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ بھارتی زیر انتظام جموں و کشمیر کے عوام دہائیوں بعد بھی اپنے حق خودارادیت کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کشمیری عوام کی جدوجہد، قربانیوں اور لازوال حوصلے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے اظہار امید کیا کہ وہ دن ضرور آئے گا جب جموں و کشمیر کے عوام اپنے مستقبل کا فیصلہ خود کریں گے۔

بقیہ جات 5

سال حج کے اختتام کے بعد 15 ذوالحج 1448 ہجری سے عمرہ سیزن کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ سیزن کے پہلے ڈیڑھ ماہ، یعنی 29 محرم 1448 ہجری تک 9 لاکھ سے زائد افراد عمرہ کی سعادت حاصل کر چکے ہیں، جو گزشتہ برس کے اسی عرصے کے مقابلے میں 22.5 فیصد زیادہ ہے۔ سرکاری اعداد وشمار کے مطابق پاکستان سے تقریباً 2 لاکھ معتمرین عمرہ کی ادائیگی کے لیے سعودی عرب پہنچے، جو تمام ممالک میں سب سے زیادہ تعداد ہے۔ اس کے بعد انڈونیشیا سے تقریباً ایک لاکھ 70 ہزار جبکہ عراق سے تقریباً ایک لاکھ 30 ہزار زائرین عمرہ کی سعادت حاصل کرنے کے لیے سعودی عرب آئے۔ سعودی وزارت حج وعمرہ نے بتایا کہ عمرہ ویزوں کا اجرا 31 مئی 2026 سے شروع کیا گیا تھا۔ وزارت کے مطابق عمرہ ویزہ جاری کرنے کی آخری تاریخ یکم شوال 1448 ہجری، مطابق 9 مارچ 2027 مقرر کی گئی ہے۔

بقیہ جات 6

سی آئی اے کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر اداروں کے خلاف جھوٹے، تضحیک آمیز بیان کی تشہیر کی گئی، عدم پیشی پر یہ سمجھا جائے گا کہ دفاع میں پیش کرنے کو کچھ نہیں۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی عمران خان کی بہن نورین نیازی کا معرکہ حق اور پاک فوج سے متعلق متنازع بیان سامنے آیا تھا۔ نورین نیازی نے معرکہ حق کو افواج پاکستان اور مودی کا گٹھ جوڑ قرار دیا تھا۔

بقیہ جات 7

حکومت سے مذاکرات کے بعد شہدائے زیارت کے لواحقین اور دھرنا کمیٹی نے کوئٹہ میں کوئلہ پھاٹک اور زیارت میں ڈی سی آفس کے سامنے دھرنے ختم کر دیئے تھے۔ مذاکرات میں صوبائی حکومت نے جوڈیشل کمیشن بنانے کی یقین دہانی کروائی۔

بقیہ جات 8

سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ العدیری کیمپ میں ایک اسلحہ ڈپو، جبکہ علی السالم ایئربیس پر پیٹریاٹ ریڈار اور فضائی نگرانی کے ایک ریڈار کو نشانہ بنایا گیا۔ ایرانی فوج کا کہنا ہے کہ یہ حملے ایران پر امریکی حملوں کے جواب میں کیے گئے جن میں شہری انفرااسٹرکچر اور شہری علاقوں کو نشانہ بنایا گیا۔ تاحال کویتی فوج یا حکومت اور امریکی حکام کی جانب سے ان حملوں کے بارے میں کوئی بیان سامنے نہیں آیا ہے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق ایران نے شمالی عراق میں موجود کردستان فریڈم پارٹی کے ٹھکانوں کو شدید حملوں کا نشانہ بنایا ہے، یہ حملے عراق کے کرد علاقے کے دو اہم شہروں اربیل اور سلیمانیہ میں موجود گروپ کے اڈوں پر کیے گئے۔ ایرانی میڈیا کا مزید کہنا ہے کہ فوری طور پر ان حملوں کے نتیجے میں ہونے والے جانی نقصان یا مالی تباہی کے بارے میں مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ امریکی فوج نے عراق کے شہر اربیل میں امریکی قونصل خانے کے قریب بارود سے بھرا ڈرون مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔

بقیہ جات 9

آٹھویں رات ایران پر حملے کیے، بندرگاہی شہروں میں دھماکے ہوئے۔ ایرانی حکام اور ذرائع ابلاغ نے خوزستان اور ہرمزگان صوبوں کے مختلف علاقوں پر نئے امریکی حملوں کی اطلاع دی ہے۔ خوزستان کے گورنر کے دفتر کے ایک عہدیدار کا کہنا ہے کہ امریکی جنگی طیاروں نے ایرانی وقت کے مطابق صبح 5 بج کر 55 منٹ پر شادگان شہر کے نزدیک ایک مقام کو میزائل حملے کا نشانہ بنایا، ہنگامی امدادی ٹیمیں موقع پر موجود ہیں اور نقصان کی نوعیت کے بارے میں تفصیلات بعد میں جاری کی جائیں گی۔ تسنیم نیوز نے بھی خبر دی ہے کہ صبح تقریباً 6 بج کر 10 منٹ پر جزیرہ قشم کے بعض علاقوں کو ایک بار پھر امریکی جنگی طیاروں نے نشانہ بنایا، جہاں کم از کم دو دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ تسنیم نیوز کے مطابق میزائل حملوں کے مقامات اور ممکنہ جانی و مالی نقصان کے بارے میں تحقیقات جاری ہیں، اس سے چند گھنٹے قبل بھی قشم کے دیگر مقامات پر بھی کئی میزائل داغے گئے تھے۔ صوبہ ہرمزگان کے حکام کا کہنا ہے کہ ہفتہ اور اتوار درمیانی شب ڈیڑھ بجے سریک کے قریب ایک مقام کو امریکی فوجی حملے میں نشانہ بنایا گیا۔ مقامی حکام کا کہنا ہے کہ ہنگامی امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر موجود ہیں اور ممکنہ نقصان کا جائزہ لیا جا رہا ہے، فوری طور پر کسی جانی نقصان یا نقصان کی نوعیت اور حجم کے بارے میں کوئی اطلاع سامنے نہیں آئی۔ تسنیم نیوز کے مطابق جنوبی ایران کے بندرگاہی شہروں بندر عباس اور بندر لنگہ میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، حالیہ دنوں میں بندر عباس پر متعدد امریکی فضائی حملے کیے گئے، جن سے شہر کے بنیادی ڈھانچے کو نقصان پہنچا۔ بندر لنگہ جنوبی ایران میں واقع ہرمزگان صوبے کا ایک بندرگاہی شہر ہے، جو خلیج فارس کے ساحل پر واقع ہے، یہ صوبائی دارالحکومت بندرعباس سے تقریباً 160 کلومیٹر مغرب میں اور جزیرہ کیش سے تقریباً 30 کلومیٹر مشرق میں واقع ہے۔ خبر رساں ایجنسی تسنیم کے مطابق قشم جزیرے کے نواحی علاقوں پر کم از کم چھ میزائل گرے

ہیں، سیکیورٹی حکام اور متعلقہ اداروں نے تاحال اس واقعہ کے بارے میں کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا، ممکنہ جانی یا مالی نقصان کی نوعیت اور حجم کے بارے میں بھی ابھی تک کوئی معلومات جاری نہیں کی گئی ہیں۔ بعدازاں امریکی سینٹرل کمانڈ نے اعلان کیا ہے کہ صدر کے حکم پر 18 جولائی کی رات 11:30 بجے (مشرقی امریکی وقت) ایران کے خلاف حملوں کا ایک اور مرحلہ مکمل کیا گیا۔ یہ امریکا کی جانب سے مسلسل آٹھویں رات کی کارروائی تھی، جس کے دوران سینٹ کام کے مطابق ایرانی فوج کی ساحلی نگرانی کے مراکز، فضائی دفاعی تنصیبات، بحری صلاحیتوں، اور میزائل و ڈرون ذخیرہ گاہوں کو کامیابی سے نشانہ بنایا گیا تاکہ ایران کی فوجی صلاحیتوں کو مزید کمزور کیا جاسکے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ امریکی فوجی اثاثوں نے اسلامی انقلابی گارڈ کور کی ان فورسز کو بھی نشانہ بنایا جن پر 17 جولائی کو اردن میں تعینات امریکی فوجیوں پر حملوں کا الزام عائد کیا گیا ہے۔ سینٹ کام کے مطابق اس وقت 50 ہزار سے زائد امریکی فوجی مشرق وسطیٰ میں مختلف مقامات پر تعینات ہیں، اور وہ مکمل چوکسی کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں انجام دینے، کارروائی کے لیے تیار رہنے اور ہر ممکن ردعمل دینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

بقیہ جات 10

وزیراعظم اسحاق ڈار نے بلوچستان کے وفد سے ملاقات کے دوران بلوچستان کے عوام کے مسائل حل کرنے کے وفاقی حکومت کے عزم کو دہرایا، انہوں نے بلوچستان کے عوام کی معاشی خوشحالی کے عزم کا بھی اعادہ کیا۔ نیشنل پارٹی کے صدر ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے صوبے میں دہشت گردی کے خلاف جاری آپریشن کی حمایت کی اور بلوچستان کے عوام کی خوشحالی کے لیے پارٹی تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر وزیراعظم کے مشیر رانا ثنا اور طارق باجوہ بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 11

کے بجائے متبادل تجارتی کوریڈورز کا استعمال شروع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں پاک۔ایران سرحد پر واقع گبد۔ریمدان بارڈر کے ذریعے زرعی مشینری اور صنعتی خام مال کی ترسیل کا آغاز بھی کیا جا چکا ہے۔ دی کیپیٹل پوسٹ کے مطابق اپریل 2026 میں فعال کیے گئے نئے تجارتی کوریڈورز نے وسطی ایشیا کو پاکستانی بندرگاہوں اور عالمی منڈیوں تک اضافی رسائی فراہم کی ہے، جس سے علاقائی تجارت کو فروغ ملنے کی توقع ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اکتوبر 2025 میں سیکیورٹی خدشات کے باعث طورخم اور چمن سرحدی گزرگاہوں کی بندش کے بعد پاکستان نے متبادل تجارتی راستے متعارف کرائے، جن سے تجارتی سرگرمیوں کا تسلسل برقرار رکھنے میں مدد ملی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق نئے روٹ کے ذریعے اب تک 14 ہزار میٹرک ٹن سے زائد کارگو منتقل کیا جا چکا ہے، جو اس لاجسٹک نیٹ ورک پر بڑھتے ہوئے اعتماد اور طلب کی عکاسی کرتا ہے۔

بقیہ جات 12

قرارداد کشمیری عوام کے پاکستان کے ساتھ الحاق کے غیر متزلزل عزم کی مظہر ہے، کشمیری قیادت نے قیام پاکستان سے قبل ہی پاکستان کے ساتھ اپنے مستقبل کو جوڑ دیا تھا، پاکستان اور کشمیر کے رشتے مشترکہ تاریخ، عقیدے اور جغرافیے کے مضبوط بندھن میں بندھے ہیں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے کشمیری بھائیوں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑی ہے، بھارتی مظالم کے خلاف کشمیریوں کے صبر، استقامت اور بے مثال جرات کو سلام پیش کرتے ہیں، کشمیری عوام کا اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کا پیدائشی حق تسلیم کیا جانا چاہیے۔ محسن نقوی نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں مستقل امن کے لیے مسئلہ کشمیر کا کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل ناگزیر ہے، پاکستان کشمیری عوام کے حق خودارادیت کی غیر مشروط اور اصولی حمایت جاری رکھے گا۔

بقیہ جات 13

جیتنے کا تصور بھی کر سکتا ہے؟ پولیس کا کام سیاسی حل نکالنا نہیں ہے، سیاسی حل ہمیشہ سیاست دانوں کے ساتھ نکالا جاتا ہے، شرپسند عناصر کی جانب فورسز کی گردنیں اتارنے اور لاشیں گرانے کی دھمکیاں دی جاتی ہیں۔ آئی جی پولیس نے کہا کہ یہ عناصر عام شہریوں کو بھی نشانہ بنا رہے ہیں، ایسے ظالموں کے ساتھ کسی سیاسی حل کی گنجائش نہیں، ماں کے جنازے پہ جانے والے بے قصور شہری کو اغوا کر کے اس کی ٹانگیں توڑ دی گئیں، معصوم شہریوں پر تشدد کرنے والوں کے ساتھ ریاست پوری طاقت سے نمٹے گی۔

بقیہ جات 14

کے لیے سیف سٹی کیمروں اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد لی گئی۔ وفاقی وزیر عطاء تارڑ نے بتایا کہ وہ اپنے اہل خانہ کے ساتھ جا رہے تھے کہ ایک گاڑی نے انہیں اوورٹیک کیا اور کار سے باہر پستول نکال کر ہوائی فائرنگ کی۔ ان کے مطابق ان کے سٹاف نے گاڑی کا پیچھا کیا، اس کا نمبر نوٹ کیا اور فوری طور پر پولیس کو اطلاع دی۔ عطاء اللہ تارڑ نے واضح کیا کہ انہیں نشانہ نہیں بنایا گیا اور نوجوان کو یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ ان کی گاڑی میں وفاقی وزیر موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وہ اس واقعے میں محفوظ رہے اور لاہور پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ لاہور پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ ٹارگٹڈ حملہ نہیں بلکہ ہوائی فائرنگ کا معاملہ معلوم ہوتا ہے، تاہم مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ جات 15

کی طرح کھڑی ہے۔ سپیکر ملک محمد احمد خاں نے ان خیالات کا اظہار لاہور کے ایک نجی ہوٹل میں "پاکستان میں بڑھتی ہوئی دہشتگردی، پاکستان آرمی کا کردار اور اہمیت" کے موضوع پر منعقدہ خصوصی سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملک محمد احمد خاں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے فوج کے سیاسی کردار سے متعلق جو گفتگو کی، اس پر بحث ہونی چاہیے۔ مولانا فضل الرحمن ماضی میں شہدا کو قومی اثاثہ قرار دیتے رہے ہیں، اس لیے ان کے حالیہ بیان پر حیرت ہوئی اور انہیں اس حوالے سے اپنے موقف پر نظرثانی کرنی چاہیے۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ایک لاکھ سے زائد جانوں کی قربانیاں دے چکا ہے، اس لیے دہشت گردوں سے متعلق کسی بھی بحث میں قومی مفاد کو مقدم رکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی اتحاد اور سیاسی استحکام پہلے سے کہیں زیادہ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت دہشت گرد تنظیموں کو مالی اور دیگر معاونت فراہم کر رہا ہے تاکہ پاکستان کے امن کو نقصان پہنچایا جا سکے، تاہم پاکستانی قوم اور افواج پاکستان ہر سازش کا ڈٹ کر مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ ملک محمد احمد خان نے کہا کہ پاک فوج کا نام آتے ہی پوری قوم احترام سے کھڑی ہو جاتی ہے کیونکہ افواج پاکستان ملک کی سلامتی، خودمختاری اور استحکام کی علامت ہیں۔

بقیہ جات 16

ہمیشہ عوامی خدمت کو ترجیح دی جب کہ کارکن ہر مشکل وقت میں جماعت کے ساتھ کھڑے رہے، جس پر وہ ان کے شکرگزار ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات کا کہنا تھا کہ کشمیریوں کا ایک ہی نعرہ "کشمیر بنے گا پاکستان" ہے اور دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ ہجرت کرنے والے کشمیریوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی اور ان کی حب الوطنی پر کسی کو شک کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ا±ن کا کہنا تھا کہ حکومت کشمیر کاز کے خلاف ہونے والی ہر سازش کو ناکام بنائے گی اور جلاو ¿ گھیراو ¿، تشدد اور انتشار کی سیاست کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا، کشمیر میں ہونے والے انتخابات انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے بانی پی ٹی آئی کی بہن نورین نیازی کے بیانات پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان کے بعض بیانات بھارتی میڈیا کی زینت بنے جس پر عوام میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ کچھ عناصر اپنی سیاست کی خاطر پاکستان کو بدنام کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم ایسی کوششیں ہمیشہ

ناکام ہوں گی اور تاریخ انہیں اچھے الفاظ میں یاد نہیں رکھے گی۔ ا±نہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوامی مسائل پر توجہ دینے کے بجائے منفی سیاست کی گئی جب کہ پی ٹی آئی کی منفی ہتھکنڈوں پر مبنی سیاست اب دفن ہو چکی ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات کا مزید کہنا تھا کہ آج پوری دنیا میں پاکستان کی عزت و وقار میں اضافہ ہو رہا ہے، ملک ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہے اور یہ سفر آئندہ بھی جاری رہے گا۔

بقیہ جات 17

ہمیں ان جانوں کے نذرانوں سے آزادی ملی، جنہوں نے خون بہایا، کشمیر میں بیٹھے پاکستان کا نعرہ لگانے والے سینکڑوں نوجوانوں کو اٹھایا گیا جو گھر نہیں پہنچے، کیا برطانیہ میں بیٹھا ہوا کشمیری ان کشمیریوں کی برابری کر سکتا ہے؟ قائداعظم نے کہا تھا کشمیر ہماری شہہ رگ ہے، آج پاکستان اور کشمیر کے لازوال رشتے کو چیلنج کیا جا رہا ہے۔ وزیر دفاع نے مزید کہا کہ کوئی قربانیوں سے رشتہ بنتا ہے اور کوئی گھر بیٹھ کر بنتا ہے، چار سال میں چار ہزار سے زائد قربانیاں دینے والی فوج کو گالی دی جاتی ہے، فیلڈ مارشل کا رشتہ وطن سے محبت ہے، شہداء اور غازیوں کو سلام ہے جنہوں نے وطن کی عزت رکھی، پاکستان کا نام ایران اور امریکا کی جنگ میں ہر تھوڑی دیر بعد ٹی وی پر نظر آتا ہے۔

بقیہ جات 18

حملہ بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہے اور کسی بھی صورتحال میں قابل قبول یا جائز نہیں ہے۔ حالیہ صورتحال پر شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے متحدہ عرب امارات نے زور دیا کہ آبنائے ہرمز میں محفوظ اور بلا روک ٹوک نیوی گیشن یقینی بنائی جائے۔ متحدہ عرب امارات نے مشرق وسطیٰ میں کشیدگی فوری ختم کرنے اور مذاکرات کی جانب واپس لوٹنے کا مطالبہ کیا۔

بقیہ جات 19

کے ہمراہ گھر میں داخل ہوگیا اور اپنی والدہ اور بہن پر بہیمانہ تشدد کیا۔ متاثرہ خاندان کے مطابق 9 سے 10 افراد کلہاڑیوں، ڈنڈوں اور سوٹوں سے مسلح ہو کر گھر میں داخل ہوئے اور حملہ کر دیا۔ اس دوران ارسلان کی والدہ مسرت اور بہن شدید زخمی ہوگئیں، زخمیوں کے اہل خانہ کا کہنا ہے کہ حملے کے دوران 15 پر کال کی گئی، تاہم پولیس بروقت موقع پر نہ پہنچ سکی۔ بعدازاں زخمی خواتین کو اپنی مدد آپ کے تحت ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا گیا۔ خاندان کے فرد راشد کے مطابق حملے کے دوران کلہاڑی کے وار سے والدہ کے سر پر شدید چوٹیں آئیں۔ پولیس کے مطابق واقعہ مریدکے کے نواحی علاقے بوڑھے اوٹھ میں پیش آیا ہے، جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔ زخمی والدہ مسرت نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے واقعے کا نوٹس لینے اور انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ جات 20

اداروں کے سربراہان کے ساتھ جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ کے حصول اور افادیت کے لیے اجلاس منعقد کیے جائیں۔ محفوظ ڈرائیونگ اور ٹریفک قوانین پر خصوصی آگاہی سیشنز منعقد کیے جائیں۔ اہل طلبہ کو مقررہ طریقہ کار کے تحت جووینائل پرمٹ حاصل کرنے کی ترغیب دی جائے گی۔ تمام اضلاع میں جووینائل پرمٹ آگاہی مہم مؤثر انداز میں چلائی جائے۔ سٹوڈنٹس کو ڈرائیونگ کے قانونی پہلوؤں اور ذمہ داریوں سے آگاہ کیا جائے گا۔ طالب علم جو جووینائل ڈرائیونگ پرمٹ کے حصول کے لیے اہل ہیں ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ اس حوالے سے ڈی آئی جی محمد وقاص نذیر نے کہا کہ ٹریفک پولیس نوجوانوں میں محفوظ ڈرائیونگ کے فروغ اور جووینائل پرمٹ کے حصول کے لیے خصوصی اقدام کر رہی ہے۔

بقیہ جات 21

نے بیرون ملک نوکری کا جھانسہ دیکر شہری سے 6 ہزار ڈالر کے فراڈ میں ملوث ملزم شاہد حامد کی درخواست ضمانت پر تحریری حکم جاری کر دیا، عدالت نے ڈی جی ایف آئی اے کو عدالت کی معاونت کے لیے سینئر افسر تعینات کرنے کی ہدایت کر دی۔ تحریری حکم میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ سماعت پر ایف آئی اے افسر نے بتایا تھا کہ ملزم کی کریمنل نوعیت کی وٹس ایپ چیٹ موجود ہے، ایف آئی اے افسر نے شریک ملزم کی کسی متاثرہ کے ساتھ وٹس ایپ چیٹ کا ٹرانسکرپٹ پیش کیا، ایف آئی اے افسر موجودہ درخواست گزار کی کوئی بھی وٹس ایپ چیٹ پیش کرنے میں ناکام رہا۔ عدالتی حکم پر عمل درآمد نہ کرنے اور مطلوبہ وٹس ایپ چیٹ کا ریکارڈ پیش کرنے میں ناکامی پر عدالت نے سخت برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ایف آئی اے فیصل آباد کے ایس ایچ او اجمل کو تاحکم ثانی معطل کرنے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے ڈی جی ایف آئی اے کو ہدایت کی ہے کہ مقدمے میں عدالت کی معاونت کے لیے ایک سینئر افسر مقرر کیا جائے، جو متعلقہ ریکارڈ کے ساتھ آئندہ سماعت پر عدالت میں پیش ہو۔ عدالت نے کیس کی مزید سماعت 22 جولائی تک ملتوی کر دی۔ ملزم پر ایف آئی اے فیصل آباد نے شہری سے جعلسازی کا مقدمہ درج کیا ہے۔ ایف آئی اے کے مطابق ملزم نے شہری سے تھائی لینڈ میں ورک پرمٹ ویزہ کے لیے 6 ہزار ڈالر لیے تھے۔

بقیہ جات 22

سادہ اور شفاف ٹیکس نظام سے رضا کارانہ ٹیکس ادائیگی میں اضافہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پیچیدہ قوانین اور غیر واضح طریقہ کار تاجروں کے اعتماد کو متاثر کرتے ہیں، حکومت کو چاہیے کہ ٹیکس پالیسیوں میں تسلسل اور واضح رہنمائی کو یقینی بنایا جائے تاکہ کاروباری برادری کا اعتماد بحال ہو۔ انہوں نے کہا کہ مشاورت اور موثر آگاہی مہم کے ذریعے ہی فکس ٹیکس سکیم کو کامیاب بنایا جا سکتا ہے۔

بقیہ جات 23

گزاروں نے موقف اختیار کیا کہ پیرا فورس اور اسسٹنٹ کمشنر نے شیخ ہندی مارکیٹ کی دکانیں گرانے کے لیے دکانداروں کو جگہ خالی کرنے کا حکم دیا تاہم انتظامیہ کی جانب سے کوئی تحریری نوٹس جاری نہیں کیا گیا بلکہ زبانی طور پر دکانیں خالی کرنے کا کہا گیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ دکانیں ملکیتی اراضی پر قائم ہیں اور دکاندار گزشتہ تین دہائیوں سے یہاں کاروبار کر رہے ہیں۔ یہ دکانیں حکومتی ملکیت نہیں بلکہ دکانداروں کی ملکیتی ہیں۔ درخواست گزاروں نے عدالت سے استدعا کی کہ دکانوں کو مسمار کرنے اور سیل کرنے سے روکا جائے۔ عدالت نے فوری طور پر دکانوں کی مسماری روکنے کا حکم دیتے ہوئے متعلقہ فریقین سے جواب طلب کر لیا۔

بقیہ جات 24

قبل ہائیکورٹ میں یہ کیس 4 جون کو سماعت کے لیے مقرر کیا گیا تھا، تاہم بعد ازاں اس کاز لسٹ منسوخ کر دی گئی تھی۔ دوسری جانب سپریم کورٹ میں بھی ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستیں 21 جولائی کو سماعت کے لیے مقرر ہیں۔

بقیہ جات 25

نے کونسل کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی تعیناتی کا عمل جلد مکمل کرنے کی ہدایت دی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاور سیکٹر میں مؤثر فیصلہ سازی کے لیے قابل اعتماد اور مربوط ڈیٹا ناگزیر ہے، ڈیٹا گورننس کونسل جدید، شفاف اور جوابدہ حکمرانی کی بنیاد فراہم کرے گی۔ اویس لغاری نے کہا کہ کونسل کے ذریعے پاور سیکٹر میں ڈیٹا کے یکساں معیارات اور مؤثر انتظام کو یقینی بنایا جائے گا، ڈیٹا کا مؤثر استعمال بجلی کے شعبے میں بہتر کارکردگی اور وسائل کے دانشمندانہ استعمال کو یقینی بنائے گا۔ اویس لغاری نے کہا کہ ڈیٹا گورننس کونسل شفافیت، احتساب اور بین الاقوامی معیار کے مطابق ادارہ جاتی اصلاحات کی جانب اہم سنگ میل ہے، حکومت پاکستان پاور سیکٹر میں ڈیجیٹل گورننس اور ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔

بقیہ جات 26

میں نوازشریف کینسر ہسپتال اور سرگودھا میں کارڈیالوجی ہسپتال مکمل ہو چکے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کے سرکاری ہسپتالوں میں مفت ادویات اور تمام ٹیسٹ مفت ہو رہے ہیں، پنجاب میں اضلاع کے بعد تحصیل لیول تک گرین الیکٹرک بسوں کا جال بچھایا جا رہا ہے،

سخت گرمی کے موسم میں اے سی والی الیکٹرک بسیں عام آدمی کے لئے بہت بڑی نعمت ہیں۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ مریم نواز نے حکومتی وسائل کو پنجاب کے کونے کونے تک پہنچا دیا ہے، پہلے عوام حکومت کو ڈھونڈتے تھے اب حکومت لوگوں کے پاس پہنچ رہی ہے، یہی مریم نواز کی حکومت اور باقی حکومتوں میں سب سے بڑا بنیادی فرق ہے۔

بقیہ جات 27

بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد نیچو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ سیاستدان کرسی کے حصول کیلئے ملکی سلامتی کے ساتھ نہ کھیلیں، سیاسی جماعتیں ملک میں ایک دوسرے کیخلاف نفرتیں پیدا کرکے ملک دشمنوں کا کام آسان کررہی ہیں، مہنگائی بیروزگاری کے سدباب کی بجائے الزامات کی سیاست کرنے والے ملک اور قوم کے خیر خواہ نہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ قوم ذہنی مریض بن چکی ہے، سیاستدان اپنے اپنے مقاصد کیلئے غریبوں کو ٹشو کی طرح استعمال کررہے ہیں حالات کا تقاضا ہے کہ قومی سلامتی کے ادارے ملک کو گھمبیر صورتحال سے نکالنے کیلئے کردار ادا کریں۔

بقیہ جات 28

جبکہ نہاتے ہوئے ایک بچہ دریائے راوی میں ڈوب گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق تین بچے بند روڈ کے قریب پلی عبور کررہے تھے، جن میں سے دو بچے پھسل کر دریا میں گر گئے، دونوں بچوں کی عمریں تقریباً 9 سے 10 سال کے درمیان بتائی جا رہی ہیں، تیسرے بچے کی اطلاع پر ریسکیو ٹیموں نے سرچ آپریشن شروع کیا۔ حکام کے مطابق دریائے راوی میں پانی کا بہاؤ تیز ہونے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات کا سامنا ہے، ریسکیو 1122 کی ٹیمیں سیف سٹی اتھارٹی کے تھرمل کیمروں کی مدد سے بچوں کی تلاش جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دوسری جانب شاہدرہ سگیاں کے قریب دریا میں نہاتے ہوئے 9 سالہ علی حمزہ کے ڈوبنے کے واقعے کی اطلاع بھی سامنے آئی ہے۔

بقیہ جات 29

ذہانت سے تیار کیے جا رہے ہیں، میں خود بھی ایسے ایک پروجیکٹ پر کام کر چکی ہوں، یہ ان پروفیشنل رائٹرز کی سخت توہین ہے جنہوں نے برسوں اس انڈسٹری کے لئے محنت کی ہے۔ اداکارہ نے بتایا کہ اسی رویے سے دلبرداشتہ ہو کر میں نے کام کرنا کم کر دیا ہے کیونکہ میں اس صورت حال سے شدید مایوس ہوں۔ مہر بانو نے ڈرامہ انڈسٹری میں خواتین کو درپیش مسائل پر بھی کھل کر بات کی، انہوں نے کہا کہ می ٹو تحریک کے بعد بھی خواتین کیلئے کام کی جگہ مکمل طور پر محفوظ نہیں ہو سکی۔ اداکارہ نے کہا کہ آپ اندازہ بھی نہیں لگا سکتے کہ کام کی جگہ پر خواتین کس قدر غیر محفوظ ہیں، میں نے برسوں ایسے لوگوں کے ساتھ کام کیا ہے جن کا رویہ انتہائی نامناسب تھا اور سیٹ پر نوجوان لڑکیوں کے ساتھ جو کچھ ہوتا دیکھا، وہ ناقابل برداشت ہے، میری دعا ہے کہ کسی بھی لڑکی کو کبھی ایسے حالات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

بقیہ جات 30

خیبر پختونخوا میں بھی دہشتگردوں کے خلاف بلوچستان کی نوعیت کے آپریشن کی ضرورت ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ بلوچستان میں جاری آپریشن کو بلوچستان حکومت کی مکمل حمایت حاصل ہے، افغانستان دہشتگردوں کی حمایت کررہا ہے، اسی لیے بارڈرز بند ہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانستان سے بارہا کہا کہ بھارت اور اسرائیل اس کی سرزمین پاکستان کے خلاف استعمال کر رہے ہیں، پاکستان کیخلاف جہاں سے بھی دہشتگردوں کو حمایت ملے گی، وہاں آپریشن کریں گے لہذا خیبر پختونخوا میں بھی بلوچستان کی نوعیت کے آپریشن کی ضرورت ہے، گورنر کے پی نے سیاسی صورتحال پر کہا کہ سیاسی حالات بدلتے رہتے ہیں، آج مسلم لیگ (ن) کیساتھ ہیں، آگے کا کچھ نہیں کہا جاسکتا، گلگت بلتستان کے انتخابات میں پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ مدمقابل تھے، بعد میں گلگت بلتستان میں حکومت سازی کیلئے اکٹھے ہوئے اور آزاد کشمیر کے انتخابات میں بھی ایک دوسرے کا مقابلہ کررہے ہیں۔

بقیہ جات 31

ٹوٹ گئے۔ اطلاعات کے مطابق سردار تنویر الیاس خان قافلے کے ہمراہ دو روزہ دورے پر راولاکوٹ جا رہے تھے۔ فائرنگ سے جاں بحق سیکیورٹی گارڈ سردار آصف یوسف کا تعلق کوٹیڑہ گوراہ پلندری سے تھا، سردار آصف یوسف کچھ عرصہ قبل ہی وزیراعظم پاکستان کی سیکیورٹی ڈیوٹی سے ریٹائرڈ ہوئے اور سردار تنویر الیاس کی پرسنل سیکیورٹی پر مامور تھے جو کہ سر پر گولی لگنے سے جاں بحق ہوئے ہیں۔ ڈی آئی جی آزاد کشمیر کے مطابق واقعے کی مزید تحقیقات کی جا رہی ہیں، قانون کو ہاتھ میں لینے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ جات 32

جبکہ پیاز 53.1 اور ٹماٹر کی قیمت میں 79.22 فیصد اضافہ ہوا۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے کے دوران انڈوں کی قیمتوں میں 15.2 فیصد، ایل پی جی کی قیمتوں میں 12.46 فیصد، لہسن کی قیمتوں میں 72.3 فیصد، پٹرول کی قیمت میں 40.4 فیصد، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 41.4 فیصد اور چائے کی پتی کی قیمتوں میں 56.1 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے میں چینی کی قیمتوں میں 36.0 فیصد، کیلوں کی قیمتوں میں 80.0 فیصد جبکہ دال مونگ 70.0 اور دال مسور 10.0 فیصد سستی ہوئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق حالیہ ہفتے مہنگائی میں اضافے کی رفتار میں 40.1 فیصد بڑھ گئی جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی میں اضافے کی رفتار 94.11 فیصد سے بڑھ کر 09.13 فیصد پر پہنچ گئی۔

بقیہ جات 33

دیکھتے ہوئے ایئربس اے 330 طیارے کے پائلٹ نے ایمرجنسی کا پیغام جاری کیا۔ ذرائع کے مطابق پائلٹ نے اے ٹی سی کی رہنمائی پر طیارے کی باکوایئر پورٹ پر بحفاظت لینڈنگ کرائی۔ مسافروں کو طیارے سے اتار کر ٹرمینل منتقل کر دیا گیا جبکہ طیارے کی خرابی دور کرنے کے لیے کام شروع کر دیا گیا۔ ترکش ایئر کی پرواز کو 3 بج کر 35 منٹ پر اسلام آباد ایئرپورٹ پر لینڈ کرنا تھا۔

بقیہ جات 34

شدید کرنٹ لگا اور وہ موقع پر ہی جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو اہلکاروں نے پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے جاں بحق لائن مین کی میت کو بجلی کے پول سے بحفاظت نیچے اتارا اور ضروری کارروائی کے بعد ڈی ایچ کیو ہسپتال سمندری منتقل کر دیا۔

بقیہ جات 35

قاری احمد علی ندیم، اتحاد العلماء کیصدر قاضی نگاہ مصطفےٰ جنرل سیکرٹری مولانا ملک ضیاء الحق، سیکرٹری اطلاعات شیخ نعیم طاہر، شفقت اقبال للہ، رابعہ مسجد کے خطیب پروفیسر فضل الحق بندیالوی، مسجد حامد علی شاہ کے خطیب مولانا احمد حسن چشتی اور دیگر نے قیام امن، بھائی چارے اتحاد واتفاق اور مکمل ہم آہنگی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تحفظ ناموس رسالت وعظمت اصحاب رسول دین اسلام کا جزاول ہے اس لئے ہم اسلامی تعلیمات کو مشعل راہ بنا کر روز محشر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ معاشرے میں امن وامان کے قیام کا درس دین اسلام سے ملتا ہے ہم آہنگی و بھائی چارے کے ساتھ عوام کے تحفظ کا درس دیتا ہے اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم قیام امن، اتحاد و اتفاق اور بھائی چارے کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ انہوں نے صبر وتحمل، قومی اتحاد واتفاق اور جذبہ حب الوطنی کو خاص اہمیت دے کر ملک میں قرآن وسنت کے تابع نظام شریعت کے نفاذ پر زور دیا۔ اس لئے ہر شہری پر ذمہ داری عائد ہوتی کہ وہ دفاع وطن اور قیام امن کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے امن وامان اور بھائی چارے کے ساتھ مکمل ہم آہنگی، اسلام کی سربلندی، ملک کی سلامتی امت مسلمہ کے اتحاد اور باران رحمت کے لئے دعا کروائی۔

بقیہ جات 36

میڈیا نمائندگان، امریکی شہریوں اور پاکستان و امریکی

کمیونٹی کی بڑی تعداد فیسٹیول میں موجود تھی۔ پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ اور ان کی اہلیہ لبنیٰ رضوان کی جانب سے شرکا کا پرجوش استقبال کیا گیا، مینگو فیسٹیول میں شرکت کرنے والے مہمانوں کی آموں اور آموں سے بنی مختلف اشیا سے تواضع کی گئی۔ تقریب سے رکن کانگریس، ممبر امور خارجہ کمیٹی اور سابق نیوی سیل ریان زنکے نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک امریکا دوستی اس وقت تاریخ کی بلند ترین سطح پر ہے۔ اس موقع پر پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کا اپنے خطاب میں کہنا تھا کہ پاکستانی آم کے ذائقے کا سرحدوں پر محیط ہے اور کم و بیش ملک کی شناخت کا درجہ حاصل کر چکا ہے، آج اس فیسٹیول میں بھرپور شرکت پاکستان کی بڑھتی ہوئی قبولیت اور مقبولیت کی عکاس ہے۔ آج کی شام پاکستانی آموں کی مٹھاس پاک امریکا دوستی کو مزید میٹھا، گہرا اور قابل ستائش بناتی ہے، ہماری دفاعی اور سفارتی صلاحیتوں کی ناقابل تردید مظاہر کی طرح ہمارے آموں کا ذائقہ بھی ہماری زرعی روایت اور صلاحیت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ ہمیں پاک امریکا دوستی اور شراکت داری کو ہمارے آم جیسا لاثانی ذائقہ دینے کے لئے روبہ عمل ہونا ہے۔

بقیہ جات 37

ورلڈ آرکیٹیکل اسمبلی جنرل کانفرنس کے موقع پر عوامی جمہوریہ لاؤس کے وزیر خارجہ سے ملاقات ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے پاکستان اور لاؤس کے درمیان باہمی دلچسپی کے اہم شعبوں میں تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ اس کے ساتھ ساتھ علاقائی اور کثیرالجہتی پیش رفت پر بھی گفتگو کی اور آسیان کے ساتھ مزید قریبی روابط اور مؤثر تعاون کی اہمیت کا اعادہ کیا

بقیہ جات 38

مطابق واقعے کی مختلف پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں، جبکہ موت کی حتمی وجہ پوسٹمارٹم رپورٹ آنے کے بعد ہی سامنے آئے گی۔

بقیہ جات 39

باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ جمعہ کو سماجی رابطہ کے پلیٹ فارم ایکس پر ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ مصنوعی ذہانت کے شعبے میں عالمی تعاون کے لیے ایک اہم نیا بین الاقوامی پلیٹ فارم ہے۔ نائب وزیراعظم نے کہا کہ ہم نے اقوام متحدہ میں اپنی حالیہ ملاقاتوں اور ٹیلیفونک رابطوں کو خوشگوار انداز میں یاد کیا اور خطے اور دنیا کی تازہ ترین اہم پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا۔ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے کہا کہ ہم نے مشترکہ عالمی چیلنجز سے نمٹنے، امن کے فروغ، پائیدار ترقی اور سب کے لیے مساوی و جامع پیش رفت کو آگے بڑھانے کے لیے کثیرالجہتی تعاون کی اہمیت پر بھی تفصیلی گفتگو کی۔

بقیہ جات 40

جائے گا شاہ نواز بھٹو 27 سال کی عمر میں ستمبر 1977 کو اپنے والد کی گرفتاری کے بعد لندن چلے گئے تھے وہ 18 جولائی 1985 میں فرانس کے شہر نائس میں پراسرار انداز میں مردہ پائے گئے جس پر بھٹو خاندان کا یقین تھا کہ انہیں کسی نے زہر دے دیا ہے تاہم شاہنواز بھٹو کے قتل کیلئے کسی پر مقدمہ نہیں چلایا گیا۔ 21 اگست 1985 کو محترمہ بے نظیر بھٹو اپنے بھائی کی میت لے کر پاکستان آئیں جہاں نماز جنازہ کے بعد شاہ نواز بھٹو کو ان کے والد کے پہلو میں دفن کر دیا گیا۔

بقیہ جات 41

پر 341 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے، کامیاب امیدواروں میں عادلہ، طاہرہ صادق، زرتاشہ انجم، زبیر احمد، احمد فاروق شامل ہیں۔ پبلک پراسیکیوشن ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ پبلک پراسیکیوٹر کی 85 اسامیوں پر 869 امیدوار تحریری امتحان میں کامیاب ہوئے۔ کامیاب امیدواروں میں عائشہ محمود، ندا نعیم، ثروت شوکت، عالیہ یاسین، سامرہ طارق شامل ہیں۔ پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) ضلع اٹک میں سارجنٹ ڈرائیور کی 17 اسامیوں میں ایک امیدوار حتمی طور پر کامیاب جبکہ 16 اسامیاں خالی رہ گئیں۔ پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) ضلع کوٹ ادو میں سارجنٹ کی 6 اسامیوں پر 6 امیدوار حتمی طور پر کامیاب ہوئے۔ کامیاب امیدواروں میں آفتاب احمد، سعدیہ بانو، رفاقت علی، محمد عمیر، محمد واجد شامل ہیں۔ پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) ضلع جہلم میں سارجنٹ کی 12 اسامیوں میں 5 امیدوار کامیاب جبکہ 7 اسامیاں خالی رہ گئیں۔ کامیاب امیدواروں میں سید حسنین علی عباس، اقرا طارق، عائشہ کیانی، سکندر حسنین، محمد ارسلان عزیز شامل ہیں۔ بورڈ آف ریونیو پنجاب کے ڈیزاسٹر مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ میں ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ کوآرڈینیٹر کی ایک آسامی پر ایک امیدوار حتمی طور پر کامیاب ہوا۔ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر (آئی ٹی اینڈ اے آئی) کی 9 اسامیوں میں 4 امیدوار کامیاب جبکہ 5 اسامیاں خالی رہ گئیں۔ کامیاب امیدواروں میں باسط علی، قمر شہزاد، تصور شہزاد علوی، عزیر نصیر شامل ہیں۔ ایکسائز، ٹیکسیشن اینڈ نارکوٹکس کنٹرول ڈیپارٹمنٹ میں اسسٹنٹ کی 9 اسامیوں پر 9 امیدوار حتمی طور پر کامیاب ہوئے۔ کامیاب امیدواروں میں محمد اکاشہ ودود، ذیشان ظفر، حفیظہ ایمن جبین، ارسلان اسد، اسامہ اقبال شامل ہیں۔ ترجمان کے مطابق تحریری امتحان میں کامیاب امیدواروں کو اگلے مرحلے کے امتحانات اور انٹرویوز کے شیڈول سے متعلق جلد آگاہ کیا جائے گا۔ کال لیٹرز پنجاب پبلک سروس کمیشن کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کیے جائیں گے۔ امیدواروں کو ایس ایم ایس اور ای میل کے ذریعے بھی آگاہ کیا جائے گا، امیدواروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ اصل تعلیمی اسناد اور دیگر متعلقہ دستاویزات ہمراہ لائیں، کامیاب امیدواروں کی فہرستیں پنجاب پبلک سروس کمیشن کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہیں۔

بقیہ جات 42

پر سماعت کریں گے۔ یاد رہے کہ سپریم کورٹ نے 12 جولائی کے اپنے حکم میں اسلام آباد ہائیکورٹ کو ہدایت کی تھی کہ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی درخواستوں پر 2 ہفتوں کے اندر فیصلہ کیا جائے۔ اس سے قبل ہائیکورٹ میں یہ کیس 4 جون کو سماعت کے لیے مقرر کیا گیا تھا، تاہم بعد ازاں اس کاز لسٹ منسوخ کر دی گئی تھی۔ دوسری جانب سپریم کورٹ میں بھی ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کی سزا معطلی کی درخواستیں 21 جولائی کو سماعت کے لیے مقرر ہیں

بقیہ جات 43

حمد نے کہا کہ نا کہ جات پر ای پولیس پوسٹ ایپ کی مدد سے بین الاصوبائی ملزمان کو بھی قانون کی گرفت میں لا رہے ہیں۔

بقیہ 44

اندھیرے کی وجہ سے ریسکیو آپریشن روک دیا گیا تھا۔ ریسکیو حکام کے مطابق جمعہ کی صبح ریسکیو آپریشن دوبارہ شروع کیا گیا پولیس کے مطابق کپڑے نہ لے کر دینے پر بیوی کا شوہر سے جھگڑا ہوا تھا جس پر خاتون نے 4 بچوں سمیت گلن نہر میں چھلانگ لگائی تھی۔ پولیس کے مطابق ماں کو بچا لیا گیا ہے جبکہ بچے نہر میں ڈوب گئے تھے۔

بقیہ جات 45

نے کشمیریوں کا پاکستان سے رشتہ توڑنے کے لیے تمام تر مظالم بھی آزما لیے۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت نے نہتے کشمیریوں پر ظلم کے پہاڑ توڑے لاکھوں کشمیری آزادی کا نعرہ لگاتے جام شہادت نوش کر گئے۔ لیکن آج بھی کشمیری عوام بھارتی سامراج کے غیر قانونی قبضے کے خلاف آزادی کیلئے مسلسل جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔

بقیہ جات 46

مختلف حصوں پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں، درپیش امور اور ان کے فوری حل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے، مختلف سیکشنز پر پیش رفت کو مزید تیز کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبہ کراچی کے عوام کے لیے ایک اہم اور

انقلابی سفری منصوبہ ہے، ریڈ لائن بی آر ٹی کی بروقت تکمیل حکومت سندھ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے لہٰذا تمام متعلقہ ادارے مقررہ مدت میں کام مکمل کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کریں۔ سینئر وزیر نے کہا کہ حکومت سندھ شہریوں کو بہتر، محفوظ، جدید اور ماحول دوست سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے،

بقیہ جات 47

مختلف حصوں پر جاری تعمیراتی سرگرمیوں، درپیش امور اور ان کے فوری حل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ منصوبے پر کام تیزی سے جاری ہے، مختلف سیکشنز پر پیش رفت کو مزید تیز کرنے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطے کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ شرجیل میمن نے کہا کہ ریڈ لائن بی آر ٹی منصوبہ کراچی کے عوام کے لیے ایک اہم اور انقلابی سفری منصوبہ ہے، ریڈ لائن بی آر ٹی کی بروقت تکمیل حکومت سندھ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے لہٰذا تمام متعلقہ ادارے مقررہ مدت میں کام مکمل کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں موثر انداز میں ادا کریں۔ سینئر وزیر نے کہا کہ حکومت سندھ شہریوں کو بہتر، محفوظ، جدید اور ماحول دوست سفری سہولیات کی فراہمی کے لیے بھرپور اقدامات کررہی ہے

بقیہ جات 48

، اردو بازار، مین بلیوارڈ ڈیفنس روڈ سمیت لاہور کی مختلف مارکیٹوں سے تعلق رکھنے والے عہدیداران اور لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینکڑوں ووٹرز اور سپورٹرز نے بھرپور شرکت کی۔ اس موقع پر پیاف کے پیٹرن انچیف انجینئر سہیل لاشاری، چیئرمین سید محمود غزنوی، بانی پیاف میاں شفقت علی، سینئر وائس چیئرمین خواجہ کاشف الٰہی، وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے خطاب کیا۔ مقررین نے اپنے خطابات میں لاہور کی تاجر برادری کے اتحاد، مضبوط نمائندگی اور کاروباری مسائل کے موثر حل کے لیے پیاف کے کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے آئندہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے انتخابات کے حوالے سے ایسوسی ایٹ کلاس میں انتخابی مہم کا باقاعدہ آغاز کرتے ہوئے تاجر برادری سے بھرپور تعاون اور حمایت کی اپیل کی۔ شرکاء نے پیاف کی قیادت پر اپنے بھرپور اعتماد کا اظہار کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ آئندہ لاہور چیمبر کے انتخابات میں پیاف کو کامیاب بنانے کے لیے مشترکہ طور پر بھرپور کردار ادا کیا جائے گا۔ پیاف کی قیادت نے مزید کہا کہ مضبوط اور متحد تاجر برادری ہی کاروباری طبقے کے مسائل کے موثر حل کی ضمانت ہے۔

بقیہ جات 49

بتایا گیا کہ پشاور قونصلیٹ کے سوشل میڈیا اکاؤنٹ بھی غیر فعال کیے جا رہے ہیں

بقیہ جات 50

کی آواز بنیں گے، پیپلز پارٹی کشمیر کاز کو کسی صورت نقصان نہیں پہنچنے دے گی، وزیر دفاع اپنے بیان کی وضاحت نہیں کرتے تو مستعفی ہو جانا چاہیے، مسلم لیگ (ن) میرپور، کوٹلی، راولاکوٹ کو کشمیر کا حصہ ہی نہیں مانتی، یہ کونسا شیر ہے جو کشمیر، ڈڈیال، میرپور، راولاکوٹ کو کشمیر کے نقشے سے کھا گیا۔ انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وہ الیکشن مہم کے سلسلے میں آئے ہیں اور موجودہ حالات سب کے سامنے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ آزاد کشمیر کی تاریخ کا سب سے اہم الیکشن ہے اور موجودہ صورتحال ریاست پاکستان اور تمام سیاسی جماعتوں کے لیے ایک امتحان ہے۔ چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی نے کہا کہ سیاست دانوں کا اصل کام عوام کے مسائل حل کرنا اور ان کی آواز بننا ہے، تاہم سیاست دان یہ ذمہ داری موثر انداز میں ادا نہیں کررہے۔

بقیہ جات 51

ایندھن کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے، مہنگائی میں مزید شدت، عالمی تجارت میں رکاوٹ اور اقتصادی عدم استحکام کے خدشات بڑھ گئے ہیں، جن کے براہ راست منفی اثرات پاکستان سمیت کئی ممالک پر مرتب ہو سکتے ہیں احسن اوریس باجوہ ایڈووکیٹ نے بڑھتی ہوئی امریکہ اور ایران کے درمیان بڑھتی ہوئی جنگی کشیدگی پر انتہائی گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اگر اس خطرناک تنازع کو فوری طور پر نہ روکا گیا تو اس کے اثرات صرف مشرق وسطیٰ تک محدود نہیں رہیں گے بلکہ پوری دنیا، خصوصاً پاکستان سمیت ترقی پذیر ممالک، شدید معاشی اور سیاسی بحران کی زد میں آ جائیں گے۔ جنگ، تشدد اور طاقت کے استعمال کی بجائے مذاکرات، سفارت کاری اور پرامن حل پر یقین رکھتی ہے۔ دنیا کو اس وقت مزید محاذ آرائی نہیں بلکہ امن، استحکام اور باہمی احترام کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی طاقتوں کو اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے ایسے اقدامات سے گریز کرنا چاہیے جو پورے خطے کو تباہ کن جنگ کی طرف دھکیل دیں۔ انہوں نے اقوام متحدہ، اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی)، سلامتی کونسل اور دیگر عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری اور موثر سفارتی کردار ادا کرتے ہوئے جنگ بندی، کشیدگی میں کمی اور بامقصد مذاکرات کا راستہ ہموار کریں تاکہ لاکھوں بے گناہ انسانوں کی زندگیاں محفوظ رہ سکیں اور عالمی امن کو درپیش خطرات کا خاتمہ ہو۔

بقیہ جات 52

کینیڈا کے صحت کے نظام کو مدد کے لیے دنیا بھر سے ڈاکٹروں کے لیے مستقل شہریت کا قانون آسان بنا رہے ہیں۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ دنیا بھر کے ڈاکٹروں مستقل شہریت حاصل کرنے کے لیے ایکسپریس انٹری، ریجنل، صوبائی اور علاقائی پروگرام کے 5 آپشنز کے ذریعے رجوع کر سکتے ہیں۔ بیان میں بتایا گیا کہ کسی صوبے یا علاقے کے نامزد میڈیکل ڈاکٹروں کے لیے 14 روزہ برق رفتار ورک پرمٹ عمل ہوگا تاکہ وہ مستقل شہریت کے لیے انتظار کے دوران کام کرسکیں۔ کینیڈا کے محکمہ امیگریشن نے ڈاکٹروں کو دی جانے والی مراعات کے حوالے سے بتایا کہ میڈیکل ڈاکٹر اپنے اہل خانہ کے افراد کو بھی اپنی درخواست میں شامل کرسکتے ہیں تاکہ وہ اپنے ساتھ اہل خانہ کو بھی وہاں منتقل کرسکیں۔ کینیڈا کی حکومت کی اس پیش کش سے پاکستان سمیت دنیا بھر کے ڈاکٹر مستفید ہوسکتے ہیں تاہم انہیں اپنی اہلیت دکھانی ہوگی اور مصدقہ دستاویزات کے ساتھ درخواستیں جمع کرانی ہوں گی۔ محکمہ امیگریشن کینیڈا کی ویب سائٹ میں دی گئی تفصیلات میں بتایا گیا کہ جو ڈاکٹر گزشتہ 3 سال میں کینیڈا میں کم ازکم ایک سال کا تجربہ رکھتے ہوں وہ میڈیکل ڈاکٹرز ایکسپریس انٹری کیٹگری میں ہوں گے وہ اسی کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔ اسی طرح صوبائی نامزدگی پروگرام کے ذریعے جاب آفر لیٹر یا کینیڈا کی مستقل شہریت میں کام یار رہنے کے لیٹر کے ساتھ نامزد ڈاکٹروں کے لیے 5 ہزار فیڈرل امیگریشن اسامیاں مختص کی گئی ہیں۔ بتایا گیا کہ کسی صوبے یا علاقے کی جانب سے نامزد میڈیکل ڈاکٹرز بھی 14 روز میں ورک پرمٹ حاصل کر پائیں گے تاکہ وہ مستقل شہریت کے اہل بننے تک اپنا کام جاری رکھ سکیں۔

بقیہ جات 53

دور میں دہشت گردی جیسے مسائل کا سامنا رہا ہے، سائبر سکیورٹی آج کل کے دور میں ایک چیلنج بن چکا ہے، نیشنل سکیورٹی کے طلبا کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہیے۔ سابق آرمی چیف نے کہا کہ قومی سلامتی اب صرف سرحدوں کے دفاع تک محدود نہیں رہی، قومی سلامتی میں معاشی استحکام، سائبر سکیورٹی اور قومی یکجہتی بھی شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف کامیابی پورے قومی عزم کی بدولت ممکن ہوئی، حکومت کی مکمل حمایت سے دہشت گردی کے متعدد خطرات کا خاتمہ کیا، اللہ تعالیٰ کے فضل اور بہادر جوانوں کی قربانیوں سے کامیابیاں ملیں۔ انہوں نے کہا کہ اکرام سہگل کی کتاب میں جدید سکیورٹی چیلنجز کا موثر تجزیہ پیش کیا گیا ہے اور شاہراہ قراقرم کے فضائی سروے میں اکرام سہگل کی خدمات قابل تحسین رہیں، ان کی دفاعی تجزیہ نگاری کو پاکستان اور دنیا بھر میں احترام حاصل ہے۔ جنرل راحیل شریف نے کہا کہ ورلڈ اکنامک فورم ڈیووس میں اکرام سہگل نے

پاکستان کی موثر نمائندگی کی اور پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن کیا۔

بقیہ جات 54

اور صغیر کو 10 سال قید کی سزا دلوائی گئی، گوجرانوالہ زون میں درج مقدمات اور انکوائریز میں 96,880 ملین کی ریکارڈ ریکوری بھی کروائی گئی۔

بقیہ جات 55

کی لاش اور دونوں زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ پولیس کے مطابق قیصر خان نے 2 شادیاں کر رکھی ہیں اور اس کا بیٹوں سے جائیداد کا تنازع تھا۔

بقیہ جات 56

خلاف ورزی کرنے والے مظاہروں کے خلاف پولیس کو کارروائی کے مکمل اختیارات حاصل ہیں۔ رپورٹ کے مطابق عوام کو ہراساں کرنے، خوف یا بے چینی پھیلانے والے مظاہروں پر قانونی پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں۔ نفرت انگیزی اور عوام کو ڈرانے دھمکانے سے متعلق جرائم پر قانون پوری سختی سے نافذ ہوگا۔ پرامن احتجاج اور عوامی تحفظ کے درمیان توازن برقرار رکھنا حکومت کی ذمہ داری ہے، برطانوی حکومت نے احتجاج اور نفرت انگیز جرائم کے قوانین کا جائزہ لیا تاکہ آزادی اظہار اور عوامی تحفظ میں متوازن حدود برقرار رہیں۔ برطانوی حکومت نے احتجاج اور نفرت انگیز جرائم کے قوانین کا جائزہ لینے کے لیے لارڈ میکڈونلڈ کی سربراہی میں ریویو کرایا۔ ریویو میں آزادی اظہار، پرامن احتجاج اور عوامی تحفظ کے درمیان متوازن حدود کا جائزہ لیا جارہا ہے۔ برطانوی حکومت کے مطابق ریویو یہ بھی دیکھے گا کہ موجودہ قوانین نفرت انگیزی اور دھمکی آمیز رویوں سے عوام کو موثر تحفظ دیتے ہیں یا نہیں۔ لارڈ میکڈونلڈ کی رپورٹ حکومت کو پیش کی جا چکی، باضابطہ حکومتی ردعمل اور رپورٹ کی اشاعت سے قبل اس کا تفصیلی جائزہ لیا جارہا ہے

بقیہ جات 57

رائنس فورم کی درخواست پر منعقد کیا گیا۔ وفد نے وفاقی آئینی عدالت پاکستان کے چیف جسٹس، جناب جسٹس امین الدین خان سے کمیٹی روم میں ملاقات کی۔ اس موقع پر معزز جسٹس باقر علی نجفی اور جسٹس ارمحمد حفیظ اللہ خان بھی موجود تھے۔

بقیہ جات 58

ٹرانسپورٹ اور گتے کے ڈبوں کا استعمال کرتا تھا اور لاہور سمیت دیگر اضلاع میں پتنگوں کی سپلائی میں ملوث تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے لاکھوں روپے مالیت کی ایک ہزار تیار پتنگیں اور کیمیکل ڈور کی 40 چرخیاں برآمد کرلی گئی ہیں۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی ہے۔ ایس پی سٹی عاطف امیر کا کہنا ہے کہ پتنگ بازی اور پتنگ فروشی کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے تحت قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ جات 59

منظوری دے سکے گا۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن کے مطابق سیل نمبر اور کنٹینر نمبر کی لازمی شرط صرف کنٹینرائزڈ کارگو پر لاگو ہوگی جبکہ رول 510 بی میں ترمیم کرتے ہوئے آئی ٹی کارگو کی بندرگاہ سے بندرگاہ تک نقل وحرکت کراچی کی آمدی بندرگاہ، ہوائی اڈے یا کراچی کی کسی دوسری بندرگاہ کے ذریعے لائسنس یافتہ بانڈڈ کیریئرز کے تحت ٹریکنگ اینڈ مانیٹرنگ آف کارگو رولز 2023 کے مطابق کرنے کی شق شامل کی گئی ہے۔ اسی طرح متعلقہ اسسٹنٹ یا ڈپٹی کلیکٹر کسٹمز شپنگ لائن یا اس کے نمائندے کی درخواست پر کسٹمز نگرانی میں ڈرائی بلک کارگو کی پیکنگ کی اجازت دے سکے گا، اس کے علاوہ رسک مینجمنٹ سسٹم کے تحت منتخب یا متعلقہ کلیکٹر کسٹمز کی جانب سے مقرر کردہ کارگو کو اسکیننگ کے عمل سے گزارا جائے گا

بقیہ جات 60

کشمیری شناخت کو مٹانے کی ہر کوشش عالمی ضمیر کے لیے ایک چیلنج ہے۔ تاہم کشمیری عوام کا عزم آج بھی ناقابل شکست ہے۔ کشمیری عوام ہر سال اس دن کو یوم شہدائے کشمیر کے طور پر مناتے ہیں، سات دہائیوں سے وہ زائد عرصہ سے بھارت کے غاصبانہ قبضے کے خلاف جدوجہد میں مصروف ہیں اور قربانیوں کی لازوال داستان رقم کر رہے ہیں۔ بھارت نے آج بھی مقبوضہ جموں وکشمیر کو ظلم و جبر کی آماجگاہ بنا رکھا ہے، گزشتہ تین دہائیوں میں 96 ہزار سے زائد کشمیری شہید کیے جا چکے ہیں، دو لاکھ سے زائد بچے یتیم ہو چکے ہیں اور ہزاروں کشمیری بھارت کی بدنام زمانہ جیلوں میں قید ہیں۔ یوم شہدائے کشمیر کے موقع پر ہم اپنے کشمیری بھائیوں اور بہنوں کو سلام پیش کرتے ہیں اور اس عزم کا اعادہ کرتے ہیں کہ پاکستان ان کی منصفانہ جدوجہد کے لیے اپنی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت ہر سطح پر جاری رکھے گا۔ اللہ تعالیٰ شہدائے کشمیر کے درجات بلند فرمائے اور کشمیری عوام کو آزادی، امن اور انصاف کی منزل عطا فرمائے

بقیہ جات 61

2019 میں بھارتی حکومت کی جانب سے آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کی یکطرفہ منسوخی کے بعد نئی دہلی کی پالیسیوں پر بڑھتے ہوئے سیاسی عدم اطمینان کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ علاقائی سیاسی جماعتیں 5 اگست 2019 سے قبل کی آئینی حیثیت کی بحالی کی خواہاں ہیں، تاہم کشمیری عوام کی امنگیں محض انتظامی اقدامات تک محدود نہیں بلکہ وہ بین الاقوامی قانون کے مطابق اپنے مستقبل کا فیصلہ کرنے کے ناقابل تنسیخ حق کے حصول کا مطالبہ تواتر کرتے چلے آرہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ بھارتی حکومت نے اپنی سپریم کورٹ کو یقین دہانی کرائی تھی کہ مقبوضہ علاقے کی ریاستی حیثیت بحال کر دی جائے گی، تاہم اس میں مسلسل تاخیر نئی دہلی کی اس بدنیتی کو ظاہر کرتی ہے کہ وہ مقبوضہ علاقے کے منتخب نمائندوں کو حقیقی سیاسی اختیارات منتقل نہیں کرنا چاہتی۔ ان کا کہنا تھا کہ 2024 کے انتخابات کے باوجود انتظامی اختیارات بدستور لیفٹیننٹ گورنر کے پاس ہیں، جو بیوروکریسی، پولیس اور اہم اداروں پر کنٹرول رکھتے ہیں، جبکہ منتخب حکومت کے اختیارات انتہائی محدود ہیں۔ سردار مسعود خان نے مقبوضہ جموں و کشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ کے حالیہ بیانات کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ قانون ساز اسمبلی میں قراردادوں، عوامی مظاہروں اور نئی دہلی میں احتجاج کی منصوبہ بندی سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ بھارت نواز سیاسی قیادت میں بھی سخت بے چینی پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے محدود ریاستی حیثیت کی بحالی سے بھی مسلسل انکار اس امر کا ثبوت ہے کہ 2019 کے بعد مقبوضہ علاقے میں انتہائی مرکزیت پر مبنی طرز حکمرانی نافذ کی گئی ہے اور جمہوری عمل کی گنجائش مزید محدود ہوگئی ہے۔

بقیہ جات 62

عثمان سمیت دیگر سہولت کاروں کے ساتھ رابطوں کے شواہد بھی سامنے آئے۔ مسافر کو مزید کارروائی کے لیے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ جات 63

لیا گیا تو پاکستان پر ویزا پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں۔ دوسری جانب دفتر خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی کے مطابق شبیر احمد کا معاملہ برطانیہ کا اندرونی معاملہ ہے۔ واضح رہے کہ 2012 میں جنسی جرائم میں سزا یافتہ شبیر احمد حال ہی میں جیل سے رہا ہوا تھا۔

بقیہ جات 64

انہوں نے کہا کہ الحمرا فنون لطیفہ، زبان وادب، موسیقی اور ثقافتی ورثے کے فروغ کے لیے معیاری پروگراموں کا تسلسل برقرار رکھے ہوئے ہے اور اہل ذوق کو بہترین ادبی و ثقافتی سرگرمیاں فراہم کرنا ادارے کی اولین ترجیح ہے۔ شام موسیقی میں نامور گلوکارہ شازیہ ریشماں نے صوفی اور فوک موسیقی پر شاندار پرفارمنس پیش کی۔ انہوں نے موسیقی کے نامور لیجنڈز کے مقبول گیت گا کر انہیں خوبصورت انداز میں خراج تحسین پیش کیا، جسے حاضرین نے بھرپور داد سے نوازا۔ تقریب میں راجن پور سے تعلق رکھنے والے معروف شاعر خلیل احمد آفریدی نے اپنا تخلیق کردہ کلام پیش کیا۔ ان کی شاعری نے محفل میں سخن وادب کی دلکش فضا قائم کر دی اور حاضرین نے انہیں والہانہ

انداز میں سراہا۔ تقریب کے مہمان خصوصی سیکرٹری ریونیو پنجاب شفقت اللہ مشتاق تھے۔ انہوں نے شام موسیقی میں شرکت کی، فنکاروں کی پرفارمنس کو سراہا اور بھرپور داد دی۔ اپنے خطاب میں انہوں نے ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل الحمرا محمد نواز گوندل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے ادب، ثقافت، زبان وادب، تاریخ اور تمدن کے فروغ کے لیے ان کی کاوشوں کو قابل تحسین قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ الحمرا قومی ثقافت کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کر رہا ہے اور اس کی خدمات لائق ستائش ہیں۔ شام موسیقی میں فنون لطیفہ سے محبت رکھنے والے شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

بقیہ جات 65

مکمل جلسے پر طوفان بدتمیزی برپا کردی گئی، مطالبہ کیا جا رہا ہے مولانا فضل الرحمان معافی مانگیں۔ مولانا عطا الرحمان نے کہا کہ اگر جرات ہے تو مولانا فضل الرحمن کی پوری تقریر سنی جائے، مولانا فضل الرحمان کی تقریر سیاق وسباق سے ہٹ کر تقریر پر تبصرہ کیا جا رہا ہے، مولانا فضل الرحمان کی مقبولیت کم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

بقیہ جات 66

کہ رورو جہاز کے ذریعے پہلی بار الیکٹرک گاڑیوں کی درآمد پاکستان کی بحری تجارت کے لیے ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ کراچی پورٹ پر پہلی رورو وائی ڈی شپمنٹ جدید بندرگاہی نظام کی جانب ایک اہم پیشرفت ہے جو ملک کی تجارتی سرگرمیوں کو مزید وسعت دینے میں معاون ثابت ہوگی۔ واضح رہے کہ رورو جہازوں کی خاصیت یہ ہے کہ ان میں گاڑیاں براہ راست جہاز پر لوڈ اور وہاں سے ان لوڈ کی جاتی ہیں جس سے وقت کی بچت، آپریشنل استعداد میں اضافہ اور لاجسٹکس کے اخراجات میں کمی ممکن ہوتی ہے۔

بقیہ جات 67

ہم آہنگی سردار محمد یوسف کی زیرصدارت علماء ومشائخ کا اجلاس ہوا، جس میں ملک میں امن، مذہبی ہم آہنگی، سماجی استحکام اور قومی سلامتی کے لیے ریاست کے مثبت اقدامات کی حمایت کا اعلان کیا گیا۔ سردار محمد یوسف نے کہا کہ پاکستان کو معرکہ حق کے بعد بے حد عزت ملی۔ وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل حافظ سید عاصم منیر کی قیام امن کی کوششوں کو پوری دنیا نے سراہا۔ بھارت کے منفی پراپیگنڈے کو شکست ہوئی۔ افواج پاکستان وطن عزیز کے دفاع کے لیے شہادتیں پیش کررہی ہیں۔ علماء کرام ان قربانیوں کے اعتراف کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں۔ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کے لیے علماء کرام ہمیشہ پیش پیش رہے ہیں۔ اجلاس میں علماء و مشائخ نے حکومت پاکستان کے ساتھ ہر مثبت اقدام میں بھرپور تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے آئین کی بالادستی اور ریاستی اداروں کے استحکام کے عزم کا اعادہ کیا۔ شرکاء نے امن، استحکام اور قومی وحدت کے لیے افواج پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے غیر متزلزل حمایت کا اظہار کیا۔ علماء ومشائخ نے دہشت گردی، انتہاپسندی اور تخریبی سرگرمیوں کے خلاف حکومت اور سکیورٹی فورسز سے مکمل یکجہتی کا اظہار کیا اور پاکستان میں امن واستحکام کے لیے مسلح افواج، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ پوری پاکستانی قوم شہداء اور غازیوں کی عظیم قربانیوں کی مقروض ہے۔ دہشت گردی، انتہاپسندی، فرقہ واریت اور تشدد کی اسلام میں کوئی گنجائش نہیں، اسلام امن، اعتدال، رواداری اور انسانی جان کے احترام کا دین ہے۔ ریاست، معاشرے اور عوام کے امن کو نقصان پہنچانے والا ہر عمل قابل مذمت ہے۔ علماء و مشائخ نے تمام مکاتب فکر کے علماء سے قومی یکجہتی اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کی اپیل کرتے ہوئے کہا کہ خطبات، دروس اور دینی اجتماعات کے ذریعے دہشت گردی کے خلاف قومی بیانیہ اجاگر کیا جائے گا۔ اعلامیے میں نوجوان نسل کو شدت پسندانہ نظریات، نفرت انگیز مواد اور گمراہ کن پروپیگنڈے سے محفوظ رکھنے کے لیے مشترکہ علمی، دینی اور سماجی کوششیں مؤثر بنانے پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں ڈاکٹر سجاد قمر، قاری محبوب الرحمن، مولانا ذوالفقار، مولانا عبدالقادر سکندری، مولانا ایوب انصاری، مولانا اقبال عباسی، مولانا ڈاکٹر منیر احمد، مولانا ڈاکٹر محمد سلیم سعیدی، مولانا سید جہانگیر شاہ سعیدی، مولانا ڈاکٹر سعید الرحمن، مولانا ابوبکر صدیق، مولانا ڈاکٹر حفیظ الرحمن، علامہ سجاد نقوی، علامہ اختر عباس، مولانا وقاص مجید، مولانا مجیب الرحمن، مولانا انیس الرحمن، قاری محمد صدیق اور مولانا حسن فاروق نے شرکت کی۔ جبکہ قائم مقام سیکرٹری مذہبی امور ڈاکٹر مرزا علی محمود، ڈائریکٹر مصباح الرحمن، ڈپٹی ڈائریکٹر قرآن ڈاکٹر شاہد الرحمن، محمد خلیق، ڈاکٹر محبوب عثمان و دیگر افسران نے شرکت کی۔ علماء ومشائخ نے شہداء کے درجات کی بلندی، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور وطن عزیز کو ہر قسم کے داخلی و خارجی خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے دعا بھی کی۔

بقیہ جات 68

روایتی تجارت سے آگے بڑھ کر اسٹریٹجک اقتصادی شراکت داری قائم کرنا ہوگی۔ وہ عرب جمہوریہ مصر کے قومی دن کے حوالہ سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ مختلف ممالک کے سفراء، ہائی کمشنرز، اعلیٰ سرکاری حکام اور سفارتی برادری کے نمائندوں نے بھی تقریب میں شرکت کی۔ وزارت تجارت سے جاری بیان کے مطابق تقریب سے خطاب کے دوران وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے مصر کی حکومت اور عوام کو قومی دن پر مبارکباد پیش کی اور کہا کہ پاکستان مصر کے ساتھ اپنے تاریخی اور برادرانہ تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، پاکستان اور مصر کے تعلقات مشترکہ اقدار، باہمی احترام اور دیرینہ دوستی پر قائم ہیں۔ وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان اور مصر کو روایتی تجارت سے آگے بڑھ کر اسٹریٹجک اقتصادی شراکت داری قائم کرنا ہوگی۔ جام کمال خان نے کہا کہ دونوں ممالک مشترکہ سرمایہ کاری، پیداوار اور ٹیکنالوجی تعاون کو فروغ دے سکتے ہیں، پاکستان اور مصر مشترکہ وینچرز کے ذریعے روزگار، صنعتی استعداد اور برآمدات میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مصر افریقہ، عرب اور بحیرہ روم کی منڈیوں کے لیے اہم پیداواری اور تجارتی مرکز ہے۔ وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا سے منسلک بڑی پیداواری اور سرمایہ کاری منڈی فراہم کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مصری کمپنیوں کی پاکستان کے توانائی، رئیل اسٹیٹ، مالیاتی اور ٹیلی کمیونیکیشن شعبوں میں سرمایہ کاری خوش آئند ہے۔ جام کمال خان نے کہا کہ پاکستانی کمپنیاں بھی مصر میں کاروبار اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع تلاش کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مصر کو خام مال، تیار مصنوعات، صنعتی سامان اور درمیانی اشیا فراہم کر سکتا ہے، مصر توانائی، معدنیات، زرعی مصنوعات، کیمیکلز، کھاد اور طبی آلات کے شعبوں میں اہم شراکت دار بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوطرفہ تعاون سے تیسرے ممالک اور نئی علاقائی منڈیوں تک رسائی کے مواقع پیدا ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مصر کی جانب سے پاکستان کے صحت کے شعبے میں تعاون قابل قدر ہے۔ جام کمال نے کہا کہ غزہ کے لیے پاکستانی انسانی امداد کی ترسیل میں مصر کا تعاون قابل تحسین ہے

بقیہ جات 69

پوری دنیا کو متاثر کیا، پاکستان نے خطے میں امن کیلئے اہم کردار ادا کیا۔ انہوں نے چین کو پاکستان کا سب سے قابل اعتماد اور آزمودہ دوست قرار دیتے ہوئے کہا کہ ہر مشکل گھڑی میں چین نے پاکستان کا ساتھ دیا ہے اور پاکستان کی اقتصادی ترقی میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے، چین نے تمام عالمی فورمز پر پاکستان کی حمایت کی، سی پیک ون کے تحت 30 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری آئی۔ وزیراعظم نے چین کی غیر متزلزل حمایت پر چینی قیادت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ چینی صدر شی جن پنگ وژنری لیڈر ہیں جنہوں نے چینی معاشرے اور معیشت کو مکمل طور پر بدل دیا ہے۔ انہوں نے چینی ترقی کو بے مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ چین نے نہ صرف معاشی بلکہ ٹیکنالوجی ترقی کے میدان میں بھی اپنا لوہا منوایا ہے۔

روزنامہ MUAWAN-E-WUAKLA
معاون وکلاء پاکپتن
بانی علی ہادی کوثر
چیف ایڈیٹر سیدہ عاقبہ بتول
ایڈیٹر روحیل اکبر

اشاعت خاص

تحریر، روحیل اکبر

”ڈاکٹر عارف افتخار انسانی خدمت کا روشن کردار“

”گنگارام ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کی حیثیت سے اپنی اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانت داری اور اخلاص سے نبھا رہے ہیں“

”انسان تمام مشکلات کے باوجود مریض کو اپنی ترجیح بنائے ڈاکٹر عارف افتخار کی شخصیت میں یہی خوبی نمایاں نظر آتی ہے“

پھلوں کو کلو کے حساب سے تولا جاتا ہے، جواہرات کو قیراط کے حساب سے، سونے کو گرام اور لوہے کو ٹنوں کے حساب سے مگر جب بات انسان کے اعمال کی آتی ہے تو اللہ تعالیٰ نے ایک ایسا معیار مقرر کیا ہے جو دنیا کے ہر پیمانے سے زیادہ باریک، زیادہ منصفانہ اور زیادہ عظیم ہے۔ قرآن مجید کی سورۃ الزلزال میں ارشاد ہوتا ہے: ××جس نے ذرے برابر بھی نیکی کی ہوگی وہ اسے ضرور دیکھ لے گا×× یہ آیت انسان کو یقین دلاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے ہاں کوئی نیکی ضائع نہیں جاتی خواہ وہ کتنی ہی معمولی کیوں نہ ہو شاید یہی وجہ ہے کہ دنیا میں وہ لوگ سب سے زیادہ کامیاب ہیں جو شہرت کے لیے نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت کے لیے کام کرتے ہیں ہمارے معاشرے میں ایسے لوگ کم ضرور ہیں مگر موجود ہیں جو خاموشی سے اپنا فرض ادا کرتے ہیں کسی صلے، تعریف یا تشہیر کے منتظر نہیں ہوتے انہی شخصیات میں ایک نام ڈاکٹر عارف افتخار کا بھی ہے، جو گنگا رام ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کی حیثیت سے اپنی ذمہ داریاں نہایت دیانت داری اور اخلاص سے نبھا رہے ہیں اگر دیکھا جائے تو کسی بھی سرکاری ہسپتال کا انتظام سنبھالنا آسان کام نہیں روزانہ ہزاروں مریض، محدود وسائل، عملے کے مسائل اور بے شمار انتظامی چیلنجز ایک ایم ایس کے لیے کڑا امتحان ہوتے ہیں لیکن اصل کامیابی یہ ہے کہ انسان ان تمام مشکلات کے باوجود مریض کو اپنی ترجیح بنائے ڈاکٹر عارف افتخار کی شخصیت میں یہی خوبی نمایاں نظر آتی ہے یہ بھی حقیقت ہے کہ ایک معاشرہ صرف قوانین سے نہیں بلکہ اچھے کردار رکھنے والے انسانوں سے مضبوط بنتا ہے ایسے لوگ اپنے عہدے کو اختیار نہیں بلکہ امانت سمجھتے ہیں ان کی سوچ یہ ہوتی ہے کہ اگر ایک بیمار شخص کو بروقت علاج، ایک غریب کو عزت اور ایک مجبور کو سہولت مل جائے تو شاید یہی ان کے لیے سب سے بڑی کامیابی ہے۔ اکثر کہا جاتا ہے کہ کسی انسان کی اصل تربیت اس کے والدین کی آئینہ دار ہوتی ہے جو اولاد دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرتی ہے اس کے پیچھے یقیناً بہترین تربیت، اعلیٰ اخلاق اور خدمت خلق کا جذبہ ہوتا ہے ڈاکٹر عارف افتخار بھی انہی خوش نصیب لوگوں میں شامل دکھائی دیتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کی خدمت کا ذریعہ بنایا ہے اور انہوں نے اپنی بہترین صلاحیتوں سے ایک اچھے منتظم ہونے کا ثبوت دیا ہے وہ ان میں سے نہیں جو صرف دفاتر میں بیٹھ کر احکامات جاری کریں بلکہ وہ ایسے مسیحا ہیں جو ادارے کی نبض پہچانتے جانتے ہیں،

مسائل کو سمجھتے ہیں اور ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کرتے ہیں۔ گنگا رام ہسپتال جیسے بڑے ادارے میں نظم وضبط، صفائی، مریضوں کی سہولت اور طبی خدمات کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے مسلسل محنت درکار ہوتی ہے جو انہوں نے اپنی پیشہ وارانہ ٹیم کے ساتھ ملکر کر رکھی ہے اسی ٹیم کا ایک اہم حصہ اشفاق بھٹی بھی ہے جو ڈاکٹر عامر کی طرح خاموشی سے خدمت خلق میں مصروف تھا لیکن آجکل زیر عتاب ہے کیونکہ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں اکثر منفی خبروں کو زیادہ اہمیت دی جاتی ہے اور خاموشی سے خدمت کرنے والے پیچھے ہٹ جاتے ہیں حالانکہ قوموں کی تعمیر انہی کرداروں سے ہوتی ہے جو بغیر شور کیے انسانیت کی خدمت میں مصروف رہتے ہیں اگر ہم ایسے لوگوں کی حوصلہ افزائی کریں تو دوسرے اداروں میں بھی خدمت، دیانت اور احساسِ ذمہ داری کا جذبہ فروغ پائے گا۔ قرآن ہمیں یہ سبق دیتا ہے کہ ذرّے برابر نیکی بھی محفوظ ہے اس لیے انسان کو چاہیے کہ وہ اپنی حیثیت کے مطابق لوگوں کے لیے آسانیاں پیدا کرے ایک ڈاکٹر مریض کا علاج کر کے، ایک استاد علم دے کر، ایک افسر انصاف کر کے اور ایک عام شہری اچھے اخلاق سے بھی اللہ کی رضا حاصل کرسکتا ہے گنگا رام ہسپتال لاہور کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر عارف نے اپنی ذات سے بڑھ کر ادارے اور عوام کو ترجیح دیتے ہوئے تقریباً چار کروڑ روپے مالیت کی جدید طبی مشینری ہسپتال کو عطیہ کر کے خدمت کی ایک ایسی مثال قائم کی ہے جس پر پورا طبی شعبہ فخر کرسکتا ہے گنگا رام ہسپتال صرف لاہور ہی نہیں بلکہ پورے پنجاب کے لیے امید کا ایک بڑا مرکز ہے روزانہ ہزاروں مریض یہاں علاج کی غرض سے پہنچتے ہیں ان میں وہ لوگ بھی شامل ہوتے ہیں جن کے پاس مہنگے نجی ہسپتالوں میں علاج کرانے کی استطاعت نہیں ہوتی ایسے میں جدید طبی مشینری کی فراہمی ہزاروں مریضوں کی زندگیوں میں آسانی پیدا کرتی ہے ڈاکٹر عارف نے کروڑوں روپے کی جو مشینیں عطیہ کیں، وہ محض آلات نہیں بلکہ ہزاروں مریضوں کے لیے بروقت تشخیص، بہتر علاج اور نئی زندگی کی امید ہیں اس سے بھی زیادہ قابل ستائش بات یہ ہے کہ انہوں نے اس خدمت کو اپنی تشہیر کا ذریعہ نہیں بنایا نہ کوئی نمود، نہ کوئی واہ واہ، نہ کوئی ذاتی مفاد صرف انسانیت کی خدمت کا جذبہ ہے اور مسیحائی کا اصل روپ تب نظر آتا ہے جب ہسپتال کا سربراہ اپنے دفتر کے ٹھنڈے کمرے کو چھوڑ کر عام مریضوں کے درمیان کھڑا ہو۔ گنگا رام ہسپتال کے ایم ایس نے اپنی انتظامی صلاحیتوں کے ذریعے نہ صرف ہسپتال کے نظم و ضبط کو برقرار رکھا ہے بلکہ ××فاطمہ جناح میڈیکل یونیورسٹی×× کی اعلیٰ قیادت کے ساتھ مل کر ہسپتال کے نئے بلاکس کی اپ گریڈیشن اور جدید طبی سہولیات کی فراہمی میں بھی کلیدی کردار ادا کیا ہے صبح سویرے وارڈز کے سرپرائز دورے کرنا، ادویات کی مفت فراہمی کو یقینی بنانا، اور مریضوں کی شکایات کو خود سن کر موقع پر حل کرنا ان کا روز کا معمول بن چکا ہے اس ہسپتال کی راہداریوں میں دوڑتے ہوئے ڈاکٹرز، دن رات تیمارداری کرتی نرسیں اور صفائی پر مامور عملہ یہ سب اس بہترین اور مربوط انتظامی ڈھانچے کی گواہی دیتے ہیں جو ایم ایس کی قیادت میں پروان چڑھ رہا ہے۔ لاہور کے باسیوں اور دور دراز علاقوں سے آنے والے مریضوں کے لبوں سے نکلنے والی دعائیں اس بات کا ثبوت ہیں کہ گنگا رام ہسپتال کا انتظامی عملہ اور ایم ایس اپنے فرض کو صرف ایک نوکری نہیں، بلکہ عبادت سمجھ کر انجام دے رہے ہیں۔ دکھی انسانیت کے زخموں پر مرہم رکھنے کا یہ سفر یوں ہی جاری رہنا چاہیے، کیونکہ معاشرے انہی سچے مسیحاؤں اور گمنام محسنوں کے دم قدم سے قائم رہتے ہیں ڈاکٹر عارف افتخار نے ثابت کیا کہ اگر نیت صاف ہو، قیادت مضبوط ہو اور عوام کی خدمت کا جذبہ موجود ہو تو سرکاری ہسپتال بھی بہترین طبی سہولیات فراہم کر سکتے ہیں آج جب سرکاری اداروں پر تنقید عام ہے تو چند ایسے کردار امید کی نئی کرن بن کر سامنے آتے ہیں اور ڈاکٹر عارف جیسے افسران یہ پیغام دیتے ہیں کہ پاکستان میں دیانت دار، باصلاحیت اور انسان دوست لوگ موجود ہیں جو اپنی ذاتی آسائشوں پر نہیں بلکہ عوام کی بھلائی پر سرمایہ لگانے کو ترجیح دیتے ہیں یہ صرف مالی عطیہ نہیں بلکہ ایک سوچ کا اظہار ہے کہ صحت کا شعبہ صدقہ جاریہ بن سکتا ہے ان مشینوں سے علاج پانے والا ہر مریض، ہر مسکراہٹ اور ہر بچنے والی جان ڈاکٹر عارف کے اس عظیم جذبے کی گواہی دے گی حکومت پنجاب کو چاہیے کہ ایسے افسران کی سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی کرے انہیں ایوارڈ سے نوازے تاکہ دوسرے اداروں میں بھی خدمت، دیانت اور ایثار کی یہی روایت فروغ پائے اگر ہر سرکاری ہسپتال میں ڈاکٹر عارف جیسی قیادت میسر آجائے تو عوام کا سرکاری صحت کے نظام پر اعتماد کئی گنا بڑھ سکتا ہے ڈاکٹر عارف افتخار نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ اصل عظمت عہدوں میں نہیں بلکہ کردار میں ہوتی ہے جو شخص خاموشی سے انسانیت کی خدمت کرے، وہ تعریف کا محتاج نہیں ہوتا کیونکہ اس کی سب سے بڑی سند ان مریضوں کی دعائیں ہوتی ہیں جن کی زندگیاں اس کے اخلاص سے آسان ہو جاتی ہیں ایسے لوگ واقعی ہمارے معاشرے کے گمنام ہیرو ہیں، اور ڈاکٹر عارف افتخار کا نام انہی روشن کرداروں میں ہمیشہ احترام سے لیا جائے گا۔

سیدہ عاقبہ بتول نے ایم آر تجمل پرنٹرز تجمل ٹاور دربار مارکیٹ لاہور سے چھپوا کر H1-14 واپڈا ٹاؤن لاہور سے شائع کیا پاکپتن دفتر۔ الکمال منزل کمیر روڈ پاکپتن نمبر۔ 03004821200